پھر اِسی مناسبت سے آپ نے ایک واقعہ بیان فرمایا کہ ایک بار حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی زرہ گم ہوگئی، اِتفاق سے وہ زِرہ ایک یہودی کے ہاتھ لگی، معاملہ اس وقت کے چیف جسٹس (قاضی شُریح) کی عدالت میں پیش ہوا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے دعویٰ دائر کیا کہ یہودی کے پاس جو زِرہ ہے وہ میری ہے۔ چیف جسٹس (قاضی شُریح) نے آپ سے گواہ طلب کیا۔ گواہ کے طور پر آپ نے اپنے بڑے بیٹے حضرت امام حسن علیہ السلام اور اپنے غلام قنبر کو پیش کیا، مگر قاضی شُریح نے آپ کا دعویٰ یہ کہہ کر خارج کر دیا کہ باپ کے حق میں بیٹے کی اور مالک کے حق میں غلام کی گواہی قبول نہیں کی جاسکتی اور فیصلہ یہودی کے حق میں سنا دیا۔

یہ دیکھ کر وہ یہودی بڑا متاثر ہوا، فوراً کلمہ پڑھا اور مسلمان ہوگیا، اور بولا کہ واقعی یہ زِرہ آپ ہی کی ہے، راستے میں گری ہوئی تھی جسے میں نے اُٹھا لیا تھا۔

اس کے بعد شیخ کریم حضور داعی اسلام مدظلہ نے فرمایا کہ اِس واقعے میں ہم سب کے لیے غور کرنے والی بات یہ ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ خلیفۂ وقت تھے اور چیف جسٹس قاضی شُریح بھی آپ کا مقرر کردہ تھا۔

آپ چاہتے تو اُس یہودی پر اپنی خلافت و امارت کا دباؤ بنا سکتے تھے اور بغیر عدالت گئے اُس سے اپنی زِرہ چھین سکتے تھے مگر آپ نے ایسا نہیں کیا، بلکہ چیف جسٹس قاضی شریح کا فیصلہ قبول کیا اور پھر یہودی کے اس اعتراف کرنے کے بعد بھی کہ ''زِرہ آپ کی ہے'' اُسے ہدیہ کر دیا۔ کیوں کہ آپ کا اصل مقصود کشور کُشائی نہیں تھا بلکہ خلق خدا کا دل جیت کر اُس تک دین پہنچانا تھا اور یہ اُسی کا نتیجہ سامنے آیا کہ ایک یہودی ایمان لائے بغیر نہ رہ سکا۔ پھر آپ نے اپنا ہندی کا یہ شعر پڑھا:

ہار کے بالم جیت گئے ہیں جیت کے میں گئی ہار

(ماخوذ از ماہنامہ خضر راہ، اگست، 2019)

(ترتیب و تدوین: ڈاکٹر جہاں گیر حسن مصباحی)



مولانا ضیاء الرحمٰن علیمی



# مولائے کائنات کا ایک نصیحت آمیز خطبہ

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت باہم گفتگو کر رہی تھی، ضمناً حروف تہجی کا تذکرہ آیا تو سب نے کہا کہ حرف الف کلام میں سب سے زیادہ استعمال ہوتا ہے۔ اس وقت سیدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور فی البدیہ یہ خطبہ دیا جو الف سے خالی ہے... اس خطبے کو خطبۂ مؤنقہ یا خطبہ محذوفۃ الالف کہا جاتا ہے۔

اس خطبے میں حمد وثناء کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی شہادت دی گئی ہے، پھر مقام محمدی کی عظمت پر گفتگو کی گئی ہے، اس کے بعد کتاب وسنت پر عمل اور تقوی اختیار کرنے پر زور دیا گیا ہے۔ بعدہ دنیوی زندگی کی حقیقت، موت کا سفر، قبر کے مناظر اور آخرت کے منازل کو پر اثر اسلوب میں بیان کیا گیا ہے۔ خاتمہ دعا واستغفار کے مضامین پر مشتمل ہے۔ یہ خطبہ سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کی لسانی مہارت اور بلاغی قدرت کی بہترین مثال ہے۔ آپ کا یہ خطبہ سنی اور شیعی دونوں طرح کے مصادر ومراجع میں موجود ہے۔

(دیکھیں: کنز العمال، علی متقی ھندی: 16/ 208-213، حدیث نمبر: 44233، جامع الاحادیث، سیوطی: 30/ 258، حدیث نمبر: 33194، بحار الانوار، محمد باقر مجلسی: 74/ 342، شرح نہج البلاغۃ، ابن ابوالحدید معتزلی: 19/ 140)

### حمد باری اور شہادت توحید:

میں اس ذات کی حمد بیان کرتا ہوں جس کے احسانات عظیم اور جس کی نعمتیں وسیع ہیں، جس کی رحمت اس کے غضب پر سبقت لے گئی، جس کے کلمے کامل و مکمل ہیں، جس کی مشیت نافذ ہے، جس کی حجت بالغ ہے اور جس کا فیصلہ عادلانہ ہے۔

میں اس بندے کی طرح رب تعالیٰ کی حمد بیان کرتا ہوں جو اس کی ربوبیت کا اقرار کرنے والا ہے، اس کی بندگی کے لیے جھکنے والا ہے، اپنی خطاؤں سے گریزاں ہے، اس کی توحید کی اعتراف کرنے والا ہے، اس کی وعیدوں سے اس کی حفاظت کا طالب ہے اور اپنے رب کی مغفرت کا امیدوار ہے، اس کی مغفرت سے ہی انسان کی اس روز نجات ہوگی جس روز وہ اپنے خاندان اور اولاد کو بھول جائے گا۔ ہم اس سے مدد طلب کرتے ہیں، اس سے رشد وہدایت کی بھیک مانگتے ہیں، اس پر ایمان رکھتے ہیں اور اس پر توکل کرتے ہیں۔

اخلاص ویقین رکھنے والے دل کے ساتھ میں شہادت دیتا ہوں، راسخ العقیدہ مومن کی طرح میں اس کی یکتائی کا قائل ہوں اور اطاعت گزار بندے کی طرح میں اس کی توحید کا اعلان کرتا ہوں کہ اس کی سلطنت میں کوئی اس کا شریک نہیں اور اس کی تخلیق وصناعی میں کوئی اس کا مددگار نہیں۔ وہ مشیر وزیر سے پاک ہے اور وہ اپنی مثال ونظیر سے منزہ ہے۔

وہ عالم ہے پھر بھی پردہ پوشی فرماتا ہے، کوئی چیز چھپی ہوتی ہے پھر بھی وہ خبر رکھتا ہے، وہ مالک ہے، وہ قہر و جبروت والا ہے، اس کی نافرمانی کی جاتی ہے پھر بھی وہ بخش دیتا ہے، اس کی عبادت کی جاتی ہے تو انعامات سے نوازتا ہے، وہ فیصلہ کرتا ہے تو عدل فرماتا ہے، وہ کرم فرماتا ہے، وہ لطف وعنایت فرماتا ہے، وہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا، کوئی شی اس کے مثل نہیں۔ وہ ہر شی سے پہلے بھی ہے اور ہر شی کے بعد بھی۔

وہ ایسی عظمت والا رب ہے جو اپنی طاقت و جبروت میں منفرد ہے، وہ اپنی قوت سے ہر چیز کا مالک ہے، وہ اپنی صفت علو کے سبب ہر پستی سے پاک ہے، وہ اپنی رفعت کے سبب شان کبریائی رکھنے والا ہے، آنکھیں اس کا ادراک نہیں کرسکتیں اور نگاہیں اس کا احاطہ نہیں کر سکتیں۔ وہ طاقت وقوت والا ہے، وہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے، وہ بلندی والا اور حکمت والا ہے، وہ رؤوف ورحیم ہے، وہ غالب ہے اور علم والا ہے۔

اس کی شان بیان کرنے والے اس کی شان بیان کرنے سے عاجز رہ گئے، اس کی معرفت رکھنے والے اس کی صفت کے بیان میں گم ہو گئے، وہ قریب ہوتے ہوئے بھی دور ہے، وہ دور ہوتے ہوئے بھی قریب ہے، وہ دعا کرنے والوں کی دعاؤں کو قبول کرتا ہے، وہ اپنے بندوں کو روزی دیتا ہے، اس کے الطاف وعنایات کے پہلو پوشیدہ ہیں۔ وہ سخت گرفت فرمانے والا، وسیع رحمت والا اور دردناک سزائیں دینے والا ہے۔ وسیع وعریض جنت، آراستہ وپیراستہ بہشت اس کی رحمت کا مظہر ہے اور ہلاک کرنے والی آگ سے بھری ہوئی بند جہنم اس کی سزا کا مظہر ہے۔

### شہادت رسالت محمدی:

میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ تعالی نے اپنے حبیب وخلیل، اپنے بندے اور رسول محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا، اللہ تعالی نے آپ کو بہترین زمانے میں بھیجا۔ اللہ تعالیٰ نے فترت اور کفر کے زمانے میں اپنے بندوں پر رحم فرماتے ہوئے، مزید احسان فرماتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا۔ آپ پر نبوت کا سلسلہ ختم کردیا، آپ کے ذریعہ اپنی دلیل مضبوطی کے ساتھ قائم فرمادی، چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو ڈرایا، نصیحت کی تبلیغ فرمائی اور اس راہ میں تکلیفیں برداشت کیں۔

آپ ﷺ ہر مومن پر بڑی شفقت ورحمت فرمانے والے ہیں، آپ ولی اور سخی ہیں، ذکاوت وذہانت والے اور ہر دل عزیز ہیں، ان پر مغفرت فرمانے والے،

رحمت فرمانے والے، بندوں سے قریب رہنے والے اور دعاؤں کو قبول فرمانے والے رب کی طرف سے رحمت وبرکت تعظیم وتکریم اوردرود وسلام کی ڈالیاں نچھاورنازل ہوں۔

**مواعظ ونصائح**

حاضرین مجلس! تم کو میری وصیت یہ ہے حق تعالی سے ڈرو، میں تم کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر عمل کی یاد دہانی کراتا ہوں، حق تعالی سے ڈرتے ہو، یہ تمہاری دل کو سکون بخشے گا، اس کی خشیت اپنے دل میں بسائے رہو، اس سے تم پر گریہ طاری ہوگا اور ورع وتقویٰ کا دامن تھامے رہو، یہ تمہارے لیے غافل کردینے والے دن میں نجات دہندہ ہوگا اور اعمال صالحہ کا پلڑا بھاری اور گناہوں کا پلڑا ہلکا رکھنے والوں کی کامیابی کے دن یہ تمہاری کامیابی کا ذریعہ ہوگا یاد رکھو تمہاری دعاؤں میں عجز وانکسار، حمد وشکر، خشوع وخضوع، توبہ وندامت رجوع وانابت ہونا چاہیے۔

ہر شخص اپنی بیماری سے پہلے اپنی صحت کو، بڑھاپے سے پہلے اپنی جوانی کو، تنگ دستی سے پہلے اپنی مالداری کو، مصروفیت سے پہلے اپنی فرصت کو، سفر سے پہلے حضر کو غنیمت جانے۔ اس سے پہلے کہ وہ بوڑھا ہوجائے، بیمار ہوجائے، ڈاکٹر مرض کے علاج سے جواب دے دے، اس کا محبوب اس سے اعراض کرلے، اس کی عقل متغیر ہوجائے، اس کی زندگی کی سانسیں منقطع ہوجائیں، پھر اس سے کہا جائے کہ اس کی صحت اب خراب ہوچکی ہے، اس کا جسم کمزور پڑ چکا ہے، اس کے بعد وہ نزع کی شدید حالت میں پہنچ جائے، اس کے قریبی اور دور کے رشتے دار اس کے پاس آجائیں، اس وقت وہ نگاہیں اوپر کی طرف اٹھائے ہوئے دیکھ رہا ہو، اس کی پیشانی عرق آلود ہو، اس کی بے تابی کو سکون آگیا ہو، اس کی جان نکال لی گئی ہو، اس کی بیوی غمزدہ ہو، اس کی نعش دفن کردی گئی ہو، اس کے بچے یتیم ہوگئے ہوں، اس کی طاقت منتشر ہوگئی ہو اور اس کی میراث تقسیم ہوگئی ہو۔

اس سے پہلے کہ اس کی قوت بصارت وسماعت ختم ہوگئی ہو، اس کو کفن دے دیا گیا ہو، اسے سیدھا قبلہ رخ لٹا دیا گیا ہو، اس کے کپڑے اتار لیے گئے ہوں، اسے غسل دیا جاچکا ہو، اس کے پرانے کپڑے اتار کر اس کے جسم کو پوچھ کر اسے کپڑے میں لپیٹ دیا گیا ہو، اس کا کفن بچھا کر رکھ دیا گیا ہو، اس کی ٹھوری باندھ دی گئی ہو، اسے قمیص، لفاف اور عمامہ پہنا کر الوداعی سلام کہہ کر کاندھے پر اٹھالیا گیا ہو، اس کی نماز جنازہ پڑھ لی گئی ہو، اس کو رنگ وروغن والے گھر سے، عالی شان محلات سے اور مضبوط کمروں سے نکال کر اس کو کچی اینٹ سے بنے ایسے مضبوط تنگ گھر میں منتقل کردیا ہو جس کی چھت بھاری پتھروں سے بنی ہو، پھر اس پر مٹی ڈال کر اس کی قبر برابر کردی گئی ہو، اس وقت اس کو حالت خوف کا سامنا ہو اور اس کے احوال فراموش کردے گئے ہوں، اس کے قرابت دار، احباب، اہل خاندان سب لوٹ گئے ہوں، اس کا جگری دوست بھی ساتھ چھوڑ گیا ہو، اس کے ساتھی، دوست،

احباب، مخلصین سب بدل گئے ہوں، اب وہ قبر کی خوراک بن گیا ہو، چٹیل میدان میں محصور ہو، قبر کے کیڑے اس کے جسم میں دوڑ رہے ہوں، اس کی نتھنوں سے خون اور پیپ نکل رہا ہو، اس کے کپڑوں کے چیتھڑے اڑ گئے ہوں کا گوشت پارہ پارہ ہو چکا ہو، اس کے جسم کا خون بالکل نکل چکا ہو اور اس کی ہڈیاں ریزہ ریزہ ہوگئی ہوں۔

وہ اسی حالت میں حشر تک وہیں پڑا رہے گا، پھر اس کو قبر سے اٹھایا جائے گا، صور پھونکا جائے اور حشر ونشر کے لیے بلایا جائے گا، اس وقت قبریں کھول دی جائیں گی، دل کے اندر چھپے خیر وشر کو ظاہر کر دیا جائے گا، ہر نبی، صدیق، شہید اور بلیغ انسان کو لایا جائے گا، رب قدیر فیصلہ فرمائے جو اپنے بندوں سے باخبر اور ان کو دیکھنے والا ہے، تو اس عظیم ہولناک مقام پر، اس پر جلال منظر نامے میں، رب کریم کی بارگاہ میں جو ہر چھوٹی بڑی چیز سے واقف ہے، کتنی ہی آہیں اس کو کمزور کرنے والی ہوں گی اور کتنے ہی آنسو اس کو تکلیف میں مبتلا کرنے والے ہوں گے، اس وقت وہ پسینے میں ڈوبا ہوگا جس کی وجہ سے وہ چل نہیں سکے گا، اس کا رنج والم اس کے لیے پریشان کن ہوگا، آنسوؤں کی وجہ سے اس پر رحم نہیں کیا جائے گا، اس کی چیخ وپکار کوئی سننے والا نہیں ہوگا اور کوئی دلیل وحجت کام نہیں آئے گی، اس کا نامۂ اعمال سامنے آئے گا، اس کے گناہوں کو آشکار کیا جائے گا، ہر عضو اس کے برے عمل کی شہادت دے گا، جن چیزوں کو دیکھا تھا آنکھیں اس کی شہادت دیں گی، جن چیزوں کو پکڑا تھا ہاتھ اس کی گواہی دے گا، جن چیزوں کی طرف بڑھا تھا پاؤں اس کی گواہی دے گا، جن چیزوں کو چھوا تھا جسم اس کی گواہی دے گا اور شرم گاہ اپنے لمس کی گواہی دے گی، منکر نکیر اس کو ڈرائیں گے، اس کی آنکھیں کھل جائیں گی، اس کی گردن اور ہاتھوں میں بیڑیاں ڈال دی جائیں گی، اکیلے گھسیٹ کر شدید تکلیف کی حالت میں جہنم میں لایا جائے گا، وہاں عذاب دیا جاتا رہے گا، کھولتا پانی پلایا جائے گا جس سے اس کا چہرہ جھلس جائے گا، اس کی کھال اتر جائے گی، لوہے کے ہتھوڑے سے جہنم کے فرشتے اس کو ماریں گے، جسم کی کھال جھلنے کے بعد پھر سے نئی ہو جائے گی، فریاد کرے گا لیکن فرشتے اس کی فریاد پر دھیان نہیں دیں گے، وہ چیختا رہے گا اور حسرت وافسوس کے ساتھ دائمی طور پر جہنم میں ہی رہنا پڑے گا۔

### خاتمہ ودعا

میں برے انجام کے شر سے رب تعالی کے حفظ وامان میں آتا ہوں، میں حق تعالی سے ان بندوں جیسی عافیت کا طالب ہوں جن سے وہ راضی ہے، ان بندوں جیسی مغفرت کا خواستگار ہوں جن کے اعذار وہ قبول فرمانے والا ہے، کیوں وہی تو میری دعائیں سننے والا ہے، میری طلب پوری فرمانے والا ہے، جو اپنے رب کے عذاب دور رہا وہ اس کے قرب میں اس کی جنت کا مکین ہوگیا، بلند وبالا محلات میں دائمی طور پر داخل کر دیا گیا، اس کو حورعین اور خدام مل گئے، اس کے لیے جام کا دور چلے گا، وہ جنت الفردوس میں ہوگا، وہ کروٹ کروٹ







نعمتوں میں ہوگا، اس کو جام تسنیم سے سیراب کیا جائے گا، اس کو چشمۂ سلسبیل سے پلایا جائے گا، جس میں زنجبیل کی آمیزش ہوگی، جس میں مشک کی خوشبو ہوگی، دائمی خوشی اور مستی عطا کرنے والی ہوگی اور مسرت و شادمانی کا احساس دلانے والی ہوگی، ہرے بھرے پرنور باغ میں شراب کا دور چلے گا، ایسی شراب جس سے پینے والوں کو نشہ نہیں آئے گا اور نکسیر نہیں پھوٹے گی۔

یہ رب تعالی کی خشیت اور تقوی رکھنے والوں کا مقام ہے اور وہ ان لوگوں کی سزا ہے جو خالق کی نافرمانی کرنے والے ہیں اور جن کے نفس نے ان کو اپنے پیدا کرنے والے کی معصیت پر ابھارا ہے۔

قرآن کریم فیصلہ کن بات ہے اور عادلانہ فیصلہ ہے، یہ بیان کیا جانے والا بہترین قصہ اور بہترین وعظ ہے۔ یہ حکمت والے لائق حمد ذات کی اتاری ہوئی کتاب ہے جسے لے کر جبریل امین ہدایت یافتہ معظم و مکرم نبی کے پاس تشریف لائے۔ ان پر محترم و پارسا فرشتوں کی رحمتیں نازل ہوں۔

میں ہر مردود کے شر سے رب رحیم کے حفظ وامان میں آتا ہوں، آہ وزاری کرنے والے اس سے آہ وزاری کریں۔ ہم سارے جہان کے رب سے اپنی اور تم سب کی مغفرت کے طالب ہیں۔

❑❑❑

مفتی امام الدین سعیدی



# شہزادۂ علی مرتضی
# مصلح اعظم سیدنا امام حسن مجتبی علیہ السلام

**نام ونسب:** ابو محمد حسن بن علی ابن ابی طالب بن عبدالمطلب۔

**ولادت:** تاریخ ولادت میں اختلاف ہے، صحیح روایت کے مطابق نصف رمضان سنہ ۰۳ ہجری میں آپ کی ولادت ہوئی۔ ابن سعد اور برقی احمد ابن عبداللہ اسی طرف گئے ہیں۔ (سیر اعلام النبلا، ج:۳،ص:۲۴۶)

**کمالات وامتیازات:** نواسۂ رسول جگر گوشۂ بتول جنتی جوانوں کے سردار، آخری خلیفۂ راشد، مصلح قوم و ملت۔ راکب دوش پیمبر، شبیہ خیر البشر ہونے کا اعزاز آپ کو حاصل تھا، علاوہ ازیں حسب ونسب کی شرافت، سیرت وصورت نبوی کا جمال اور علم وتقوی میں کمال جیسی خوبیاں آپ کے اندر جمع تھیں۔ خود رسول اللہ ﷺ نے آپ کے مناقب بیان فرمائے ہیں اور یہ کلمات بارہا آپ کی زبان مبارک سے جاری ہوئے: اللّٰهُمَّ إِنِّي أُحِبُّهُ فَأَحِبَّهُ وَأَحِبَّ مَنْ يُحِبُّهُ۔ (متفق علیہ)

ترجمہ: یا اللہ! میں حسن سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت کر اور اس سے بھی محبت فرما جو حسن سے محبت رکھتا ہے۔

**امام حسن آخری خلیفۂ راشد:** حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی ذات والا کے بارے میں علمائے اہل سنت کا متفقہ عقیدہ ہے کہ آپ کی خلافت، خلافت راشدہ تھی جس کی توثیق وتائید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان سے ہوتی ہے جس میں آپ نے ارشاد فرمایا:

الخِلَافَةُ فِي أُمَّتِي ثَلَاثُونَ سَنَةً، ثُمَّ مُلْكٌ بَعْدَ ذَلِكَ۔

(سنن ترمذی، ۲۲۲۶ باب ما جاء في الخلافة)

ترجمہ: میری امت میں تیس سال تک خلافت رہے گی، پھر اس کے بعد بادشاہت ہو جائے گی۔

الفاظ کے قدرے اختلاف کے ساتھ اس سلسلے میں کئی روایتیں منقول ہیں، جن سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ آپ نے اپنے بعد تیس سال تک کے لیے مدت خلافت کی پیشین گوئی فرمائی تھی اور مستند تاریخی حقائق سے معلوم ہوتا ہے کہ مدت خلافت کے تیس سال وفات رسول کریم ﷺ سے لے کر امام حسن کی چھ ماہ خلافت پر جا کر مکمل ہوتے ہیں۔ اس سلسلے میں محققین علما وائمہ کے اقوال ملاحظہ ہوں:

۱۔ علامہ ابن کثیر مذکورہ حدیث پر تعلیق لگاتے ہوئے فرماتے ہیں: خلافت راشدہ کی تیس سالہ مدت امام حسن بن علی کی خلافت پر مکمل ہوتی ہے، کیوں کہ امام حسن سنہ ۴۱ ہجری ماہ ربیع الاول میں معاویہ کے لیے خلافت سے دست بردار ہوئے تھے اور اُسی وقت رسول اللہ ﷺ کو وفات پائے تیس سال مکمل ہوئے، کیوں کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات سنہ ۱۱ ہجری ربیع الاول کے مہینے میں ہوئی تھی۔ (البدایۃ والنہایۃ، ج:۱۱،ص:۱۳۴)

۲۔ امام نووی بیان کرتے ہیں کہ قاضی عیاض نے فرمایا:

تیس سال کی مدت خلافت وہی ہے جو چاروں خلفائے راشدین کا زمانہ اور وہ چند مہینے جن میں خلافت امام حسن کی بیعت ہوئی۔ حدیث میں تیس سال خلافت سے مراد ''خلافت علی منہاج النبوۃ'' ہے۔

(شرح النووی علی مسلم، ج:۱۲،ص:۲۰۱)

۳۔ ابوالعز حنفی کہتے ہیں:

حضرت ابوبکر کی مدت خلافت دو سال تین مہینے، حضرت عمر کی خلافت ساڑھے دس سال، حضرت عثمان کی خلافت بارہ سال، حضرت علی کی خلافت چار سال نو مہینے اور امام حسن کی خلافت چھ مہینے رہی۔ (شرح الطحاویۃ،ص:۵۴۵)

۴۔ ابن حجر ہیثمی لکھتے ہیں: امام حسن، رسول اللہ ﷺ کے حسب ارشاد آخری خلیفۂ راشد ہیں، اپنے والد کی شہادت کے بعد اہل کوفہ کی بیعت سے منصب خلافت پر متمکن ہوئے اور چھ مہینہ کچھ دن تک اُسے سنبھالا۔ آپ خلیفۂ برحق اور امام عادل ہیں۔

(الصواعق المحرقۃ، ج:۲،ص:۳۹۷)

یوں تو امام حسن کی زندگی کے بہت سارے گوشے آپ کی اعلیٰ سیرت اور حسن کردار کو اجاگر کرتے ہیں مگر مصلح امت کی حیثیت سے جو نمایاں کردار آپ نے ادا کیا ہے وہ اپنی مثال آپ ہے، جس کی خبر خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اعلانیہ طور پر مجمع عام میں دے دی تھی۔ حدیث اس طرح ہے:

حضرت ابوبکرہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے برسر منبر یہ سنا، اس وقت امام حسن آپ کے پہلو میں بیٹھے تھے، آپ نے ایک نظر امام حسن کی طرف دیکھا اور ایک نظر لوگوں کی جانب کی، پھر فرمایا: میرا یہ بیٹا سردار ہے، عنقریب اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے مسلمانوں کے دو گروہ میں صلح فرمائے گا۔

(بخاری، باب مناقب الحسن والحسین)

### امام کی صلح ایک حکیمانہ و مدبرانہ قدم

سیدنا امام حسن کا حضرت امیر معاویہ سے صلح کر لینا کسی بھی جہت سے قابل اعتراض نہیں تھا بظاہر کچھ لوگوں کو ناگوار گزرا کہ طاقت و حمایت کے باوجود امام حسن نے نظام حکومت بڑی آسانی کے ساتھ امیر معاویہ کے حوالہ کر دیا۔ اس میں ایک طرح سے بزدلی یا میدان جنگ سے فرار معلوم ہوتا ہے۔ (العیاذ باللہ) لیکن امام

حسن کے بارے میں ایسا فاسد گمان کسی بھی جہت سے درست نہیں، کیوں کہ صلح ہر جگہ پسپائی یا ذلت کی دلیل نہیں ہوتی بلکہ بعض مقامات پر ایسی سرخروئی وکامیابی کا پیش خیمہ ہوتی ہے جو کسی جنگ کی فتح عظیم پر بھی بھاری ہوتی ہے، امام کا یہ قدم اسی نوعیت کا تھا۔

## صلح ومصالحت کے وجوہات

حضرت امام حسن کی مومنانہ فراست نے جن مصلحتوں اور وجوہات کی بنا پر جنگ وقتال کے بجائے صلح یا جنگ بندی کو ترجیح دی تھی وہ مضبوط اور ٹھوس وجوہات درج ذیل ہیں:

۱۔آپ کے دل میں جاہ واقتدار کی ذرہ برابر بھی خواہش نہیں تھی ،منصب وحکومت عزیز نہیں تھی بلکہ قوم وملت عزیز تھی ،قوم کا اتحاد مطلوب تھا، انھیں خانہ جنگی کی آگ سے محفوظ کرنا مقصود تھا، بلا شبہ یہ ایسا اعلی مقصد ہے جس کی کوئی مثال نہیں کیوں کہ دیگر حکمرانوں کا یہ عالم ہوتا ہے کہ وہ اپنی حکومت بچانے کے لیے قتل وغارت گری یا کسی بھی جنگ سے گریز نہیں کرتے ،مگر حکمرانوں کی تاریخ میں ایک ایسا بھی حکمراں ہے جن کا ایسا منفرد کردار نظر آتا ہے جس نے قوم کی بھلائی کے لیے اپنی قیادت کو بخوشی قربان کر دیا۔

۲۔جس صلح میں قوم وملت کی فلاح وبہبود ہو اور لوگوں کے مابین اتحاد واتفاق کی فضا ہموار ہو وہ صلح اس جنگ سے بدر جہا بہتر ہے جس کا صحیح نتیجہ بھی نہ معلوم ہو اور جس سے جان و مال کی تباہی اور قوم کے درمیان کشیدگی کے سوا کچھ بھی حاصل نہ ہوتا ہو۔

۳۔خود امام حسن اس مصالحت کی علت وحکمت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں :قَدْ كَانَتْ جَمَاجِمُ الْعَرَبِ فِي يَدِي، يُحَارِبُونَ مَنْ حَارَبْتُ وَيُسَالِمُونَ مَنْ سَالَمْتُ فَتَرَكْتُهَا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللهِ وَحَقْنَ دِمَاءِ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔(حلیۃ الاولیاء، ج:۲،ص:۳۷)

ایک دوسری روایت میں ہے: وَإِنَّ هٰذَا الْأَمْرَ الَّذِي اخْتَلَفْتُ فِيهِ أَنَا وَمُعَاوِيَةُ، إِمَّا أَنْ يَكُونَ حَقُّ امْرِئٍ فَهُوَ أَحَقُّ بِهِ مِنِّي وَإِمَّا أَنْ يَكُونَ حَقًّا هُوَ لِي فَقَدْ تَرَكْتُهُ إِرَادَةَ إِصْلَاحِ الْأُمَّةِ وَحَقْنِ دِمَائِهَا۔(ایضا)

دونوں روایتوں کا خلاصہ یہ ہے کہ اس وقت آپ کے پاس قوت وحمایت کی غالب اکثریت تھی مگر آپ نے جنگ نہیں کی ،صرف رضائے الٰہی کے لیے اور امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خون ریزی سے بچانے کے لیے صلح فرمائی۔

۳۔ایک دوسری علت یہ بھی ممکن ہے جیسا کہ تاریخی روایتوں میں مذکور ہے کہ اس وقت اسلام دشمن طاقت اسلامی حکومت کو درہم برہم کرنے کے لیے مکمل تیاری کر رہی تھی ۔ خاص طور سے سلطنت روما کی فوج حملہ کے لیے تیار تھی ،اس صورت حال میں اگر مسلمانوں کے درمیان داخلی جنگ جاری رہتی تو واضح ہے کہ دشمن کو اپنا مقصد حاصل کرنے کا بہترین موقع مل جاتا جیسا کہ مثل مشہور ہے ’’گھر پھوٹے گنوار لوٹے‘‘ امام حسن کی

دوراندیش نگاہ نے اس خطرہ کو بھانپ لیا تھا۔
۴۔صلح اپنی ذات میں خیر وخوبی ہے،لہٰذا وہ خود بخود محمود وحسن ہے جب کہ جنگ بذات خود اچھی چیز نہیں بلکہ ضرورت و حاجت کے وقت اقامت اور اشاعت دین یا تحفظ دین کی نیت سے محمود ہو جاتی ہے۔قرآن کریم میں ہے:وَ الصُّلۡحُ خَیۡرٌ۔(نسا:۱۲۸)یعنی (جنگ کے مقابلے ) صلح بہتر ہے۔

جنگ اس وقت کریں گے جب اس کے بغیر مقصد کا حصول ممکن نہ ہو، بلاضرورت جنگی محاذ قائم کرنے کی اجازت نہ تو کوئی مذہب دیتا ہے، نہ کوئی ملکی قانون اور نہ ہی انسانی سماج اِسے پسند کرتا ہے۔

اس وضاحت کو سامنے رکھ کر جو بھی صلح کی حکمت و اہمیت کا تجزیہ کرے گا وہ حضرت امام حسن کی دور اندیشی کی تعریف کیے بغیر نہیں رہ سکتا، کیوں کہ ان کا یہ مدبرانہ قدم قابل تعریف ہی نہیں بلکہ حصول امن اور اتحادِ امت کی بقا کے لیے کارآمد اور نتیجہ خیز ثابت ہوا۔

امام حسن کے سامنے جو صورت حال درپیش تھی وہ ایسی تھی جس میں جنگ کا جواز تو تھا مگر یہ ضرورت کی حد تک نہیں تھی ، کیوں کہ جنگ کا مفید نتیجہ ایک تو مبہم تھا، دوسری یہ کہ اس کا ضرر یقینی تھا کہ کسی بھی صورت میں مسلمانوں کا ہی خون بہتا جس کی تلافی ممکن نہ تھی۔امن و امان کا ماحول بگڑتا جس کا قیام بڑی مشکل سے ہوتا ہے۔ بالفرض اگر امام حسن صلح کے بجائے اس وقت جنگ کو ترجیح دیے ہوتے تو آج ان کو مطعون و متہم کرنے میں کوئی گریز نہیں کرتا اور حاسد تو یہ دلیل بنا لیتا کہ دیکھو اپنے اقتدار کو بچانے کے لیے آپس میں مسلمانوں کو لڑا دیا،قتل و غارت گری کا بازار گرم کیا، بھلا اس میں کوئی خیر ہے کیا؟اس طرح اس امام حسن کا دامنِ عصمت بے بنیاد تہمتوں سے داغدار ہو جاتا، جو اسلامی تاریخ کا ایک سیاہ باب ہوتا مگر ایسا نہیں ہوا، اور ہونا ممکن بھی نہیں تھا کیوں کہ جن کے حق میں اللہ رب العزت کا یہ وعدہ ہو گیا ہو کہ اِنَّمَا یُرِیۡدُ اللّٰہُ لِیُذۡہِبَ عَنۡکُمُ الرِّجۡسَ اَہۡلَ الۡبَیۡتِ وَ یُطَہِّرَکُمۡ تَطۡہِیۡرًا۔(الاحزاب:۳۳)(اے اہل بیت!اللہ تعالیٰ تم کو ہر گندگی سے دور رکھنا چاہتا ہے اور تمھیں خوب خوب پاک کرنا چاہتا ہے۔)

بھلا دنیاوی حکومت کی حرص وہوس جیسی تہمت اور گندگی ان کے مقدس ومطہر دامن کو کیسے آلودہ کر سکتی ہے؟

۵۔امام حسن کی صلح اپنے نانا جان کی اس سیرت کی اقتدا ہے جو صلح حدیبیہ کے نام سے مشہور ہے، گویا امام حسن نے یہ ہنر آپ کی آغوش تربیت میں ہی سیکھ لیا تھا، دونوں مقام پر بہت سی باتیں الگ الگ ہیں مگر چند بنیادی چیزوں میں کافی یکسانیت ہے،مثلاً صلح حدیبیہ کے وقت مسلمانوں کی تعداد کئی ہزار کے آس پاس تھی جو بہر حال ایک بڑی طاقت وقوت کی طرف غماز تھی، وہ محکوم ومغلوب نہیں رہ گئے تھے۔مطلب یہ تھا کہ جن کافروں نے راستہ روکا تھا ان سے بہ آسانی جنگ کی جا سکتی تھی جیسا کہ اجلہ

صحابہ کرام کا موقف تھا، ان کی غیرت شجاعت اور ایمانی حمیت کسی بھی مصالحت کے لیے آمادہ نہیں تھی۔ یہی حالت امام حسن کے ساتھ بھی تھی، آپ کی حمایت میں جاں باز عرب کی ایک بڑی تعداد تلواریں لیے صف بستہ تھی۔ دوسری مشترک بات یہ ہے کہ جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صلح بعض صحابہ کرام پر سخت ناگوار گزری تھی اسی طرح امام حسن کا صلح کرنا بعض رفقا پر بھی شاق تھا۔ کیوں کہ وہ بظاہر سامنے دشمنوں کی للکار سن رہے تھے اور خود مضبوط و مستحکم پوزیشن میں تھے اسی لیے ان کو صلح کی حاجت وعلت سمجھ میں نہیں آرہی تھی۔ انھیں اس حکمت و پالیسی کا ادراک بھی نہیں تھا جو صلح میں مضمر تھی۔ حالاں کہ دانشمندی یہی ہے کہ کسی بھی معاملے میں مدبرانہ فیصلہ اس کے مفید وغیر مفید نتائج کے اعتبار سے درست ہوتا ہے وقتی جذبات ود باؤ میں نہیں۔

تیسری بات یہ کہ جس اعلیٰ مقصد اور عظیم فائدہ کے لیے مصالحت ہوئی اس میں دونوں مقام پر ایک فائدہ واضح طور سے کھل کر سامنے آیا۔ وہ یہ کہ مخلوق فطری طور سے مصالحت پسند کی حمایت کرنے لگتی ہے اور تشدد پسند کے لیے کسی کی ہمدردی نہیں ہوتی، کیوں کہ انسان فطرتاً امن پسند اور صلح پسند واقع ہوا ہے۔ اسی وجہ سے دونوں مقام پر عام لوگوں نے ان کے قصیدے پڑھے جو اَمن وصلح کے نقیب تھے اور اُن لوگوں کی حمایت سے دست بردار ہوگئے جو جنگ وجدال کے داعی وخوگر تھے۔ مصالحت پسندی بہر صورت مظلومیت ظاہر کرتی ہے اور جارحیت پسندی ظلم و جبر کی علامت ہوتی ہے۔ تائید الٰہی اور لوگوں کے قلوب مظلوم کے ساتھ ہوتے ہیں نہ کہ ظالم کے ساتھ۔ دونوں مقام پر صلح کی حکمت عملی نے مخالف و مقابل کو ڈپلو میٹک جنگ میں ذلت آمیز شکست سے دوچار کیا اور صلح فتح عظیم قرار پائی۔

۶۔ امام حسن دنیا و مافیہا کے معاملے میں زاہد و بے نیاز تھے، ان کو آخرت محبوب تھی، انھوں نے صلح کر کے آخرت کا نفع حاصل کیا جو آپ کا مطلوب ومقصود تھا۔ گویا آپ نے ادنیٰ کے بدلے اعلیٰ سودا کیا، آجل کو عاجل پر ترجیح دی جو کمال ایمان کی دلیل ہے۔

## درس ونصیحت

قوم وملت کی قیادت کے لیے جو اعلیٰ اوصاف مطلوب ہوتے ہیں وہ سارے کمالات امام حسن کے اندر جمع تھے۔ یہ مسلم حقیقت ہے کہ سیادت وحکمرانی میں ایسی فراست اور دور اندیشی کی ضرورت ہوتی ہے جو قوم کی اصلاح وفلاح کے لیے کار آمد ثابت ہو۔ بلاشبہ امام کی صلح والی حکمت عملی قوم وملت کے قائدین کے لیے ایک آئینۂ ہدایت اور مشعل راہ ہے۔ امام حسن کی اس سیرت میں درج ذیل عبرت ونصیحت پنہاں ہے:

☆ وہ نام نہاد مسلم حکمراں یا دینی پیشوا اس سے سبق حاصل کریں جو اپنی کرسی یا منصب بچانے کے لیے قوم کو خانہ جنگی کی آگ میں جھونک دیتے ہیں اور ان کے درمیان اختلاف وانتشار کا بازار گرم کرتے رہتے

ہیں۔خواہ وہ شیوخ ہوں یا فقہا و علما۔

☆ان لوگوں کے اعتراض کے لیے ایک مسکت جواب ہے جو اہل بیت کی شان میں ایسا گمان رکھتے ہیں کہ (معاذاللہ) وہ حکومت کے حریص تھے۔خاص طور سے امام عالی مقام سیدنا امام حسین کے سلسلے میں یہ کہنا کہ انھوں نے حصول اقتدار کے لیے خود کو اوراپنے اقربا کو جنگ کی نذر کردیا،سراسر بہتان ہے۔ایسا کیسے ممکن ہے کہ ایک طرف اسی ردائے تطہیر کا ایک فرد بقائے امت کے لیے اقتدار سے کنارہ کشی اختیار کررہا ہو اور دوسرا اُس کو حاصل کرنے میں اپنی جان گنوادے۔حقیقت تو یہ ہے کہ ایسی ہزارہا حکومتیں ان کی جوتیوں کی ٹھوکر میں تھیں، وہ تو اِس شان کے مالک تھے کہ ان کے در سے حکومت، خیرات میں بٹتی تھی، امام حسن کی صلح اس کی واضح دلیل ہے۔بھلا وہ خود اس کے طالب کیسے ہوسکتے ہیں؟ ہاں یہ ضرور ہے کہ دونوں صاحبزادوں کے واقعات میں حالات کا بہت بڑا فرق تھا،جس سے کردار کی نوعیت بالکل الگ ہے۔کیوں کہ جہاں امام حسین تھے وہاں صلح کسی جہت سے درست نہیں تھی، چوں کہ مرض وہاں دوسری نوعیت کا تھا،اسی لیے علاج بھی اسی کے مطابق ہوا،اور جہاں امام حسن تھے وہاں صلح درکار تھی، جیسا مرض ویسا علاج۔ بالفرض اگر امام حسن کی جگہ امام حسین ہوتے تو وہی کرتے جو امام حسن نے کیا اور امام حسین کی جگہ امام حسن ہوتے تو وہی کرتے جو امام حسین نے کیا۔ دونوں شہزادوں کی قربانی خالص لوجہ اللہ اسلامی نظام کو باقی رکھنے اور اتحاد امت کے قیام کے لیے تھی۔ یہ ایک تاریخی حقیقت ہے جسے تسلیم کیے بغیر کوئی چارہ نہیں۔

☆ امام حسن کا یہ کردار ثابت کرتا ہے کہ مقتدا وہی ہوگا جو قوم میں مصالحت واتحاد کو قائم رکھے،فساد کو صلاح میں تبدیل کردے اور جس شخص سے قوم میں انتشار واختلاف پیدا ہو،فرقہ بندی یا عصبیت فروغ پار ہی ہو تو ایسا شخص علم کا پہاڑ ہی کیوں نہ ہو،مسلمانوں کی قیادت کے لائق نہیں۔

☆ صالح رہنما کی پہچان یہ ہے کہ اس کے دل میں اقتدار کی ہوس نہ ہو،اس لیے کہ جو حریص ہوگا اس کی قیادت میں نقصان وضرر زیادہ ہے۔

☆صلح بظاہر میدان کی فتح نہیں ہوتی ہے مگر لوگوں کے قلوب فتح کر لیتی ہے،سب کو اپنا حامی بنا لیتی ہے،اس حکمت عملی سے مخالف بغیر کسی معرکہ کے شکست کھا جاتا ہے۔

بلاشبہ تاریخ اسلام میں امام حسن کی صلح ، فتح وکامیابی کا ایک ایسا بے مثال کارنامہ ہے جس کی وجہ سے ملت بیضا کی پیشانی قیامت تک کے لیے تابندہ رہے گی۔

شہادت: ماہ ربیع الاول سنہ ۴۹ ہجری میں زہر کی وجہ سے آپ کی شہادت ہوئی۔بعض روایت میں سنہ ۵۰ ہجری اور بعض روایت میں سنہ ۵۱ ہجری کا بھی ذکر ملتا ہے۔

❑❑❑

ڈاکٹر حسن محی الدین قادری



# اہل بیت اطہار کے فضائل و مناقب

عظیم المرتبت ہستیاں اہل بیتِ اطہار علیہم السلام کے وہ نفوسِ مقدسہ ہیں کہ جن سے محبت و مؤدت کے بارے میں حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ سے محبت کرو، اِس وجہ سے کہ اُس نے تمہیں بے شمار نعمتوں سے مالا مال فرما دیا اور وہ تم پر شفقت فرماتا ہے اور تم پر بے حساب رحمت فرماتا ہے۔ مجھ سے محبت کرو تاکہ اللہ تم سے محبت کرے۔ پھر فرمایا: میری اہل بیت سے محبت اِس لیے کرو تاکہ میں تم سے محبت کروں۔

(ترمذی، السنن، کتاب المناقب، 664، رقم:3789)

پس حضور ﷺ کی محبت کے حصول کا ذریعہ محبتِ اہلِ بیت ہے۔ آقا ﷺ نے اہلِ بیت سے محبت و مودت کی حد درجہ تلقین فرمائی۔ محبت اہل بیت عمر بھر رہنی چاہئے، اس لیے کہ یہ آقا ﷺ کی محبت ہی کا حصہ ہے۔ اہل بیت کی محبت، عترت و ذریت پاک کی محبت بالخصوص حسنین کریمین کی محبت نہ صرف ہمارے ایمان کا حصہ ہے بلکہ عینِ ایمان ہے۔ امام شافعی نے فرمایا:

یَا آلَ بَیْتِ رَسُوْلِ اللهِ حُبُّكُمْ
فَرْضٌ مِّنَ اللهِ فِي الْقُرْآنِ أَنْزَلَهُ

”اے اہل بیت رسول تمہاری محبت اللہ تعالیٰ نے قرآن میں فرض کردی ہے اور اس کا حکم قرآن میں نازل ہوا ہے۔“

يَكْفِيكُمْ مِنْ عَظِيمِ الْفَخْرِ أَنَّكُمْ
مَنْ لَمْ يُصَلِّ عَلَيْكُمْ لَا صَلَاةَ لَهُ

”اے اہل بیت تمہاری عظمت اور تمہاری شان اور تمہاری مکانت کی بلندی کے لئے اتنی دلیل کافی ہے کہ جو تم پر درود نہ پڑھے اس کی نماز نہیں ہوتی۔“

امام عالی مقام امام حسین علیہ السلام اور اہلِ بیت اطہار علیہم السلام سے محبت کرنا حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ، سیدہ کائنات کی توجہات اور سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کے در کی خیرات کے حصول کا ذریعہ ہے۔

اللہ رب العزت نے قرآن مجید میں اہلِ بیتِ اطہار علیہم السلام کی قسمیں کھائیں۔ یہ امر کئی لوگوں کے لیے حیرت کا باعث ہوگا مگر آیئے اس علمی و روحانی نکتہ کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اللہ رب العزت نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا:

فَلَآ أُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ۔ (الواقعۃ:75)

حضرت عبداللہ بن عباس نے اس آیت کا ایک معنی بیان کیا ہے، جسے حضرت عکرمہ، حضرت مجاہد، حضرت عبداللہ بن جبیر، حضرت سدی الکبیر نے نقل کیا ہے۔شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری نے اسی معنی کی رو سے اس آیت کا درج ذیل ترجمہ کیا ہے: ’’پس میں ان جگہوں کی قسم کھاتا ہے جہاں جہاں قرآن مجید کے مختلف حصے (رسول عربی ﷺ) پر اترتے ہیں۔‘‘ پھر فرمایا:

وَ اِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ. اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ. فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ. لَّا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ.

(الواقعة، 76:56 تا 79)

’’اور اگر تم سمجھو تو بے شک یہ بہت بڑی قسم ہے۔ بے شک یہ بڑی عظمت والا قرآن ہے (جو بڑی عظمت والے رسول ﷺ پر اتر رہا ہے)۔ (اس سے پہلے یہ) لوحِ محفوظ میں (لکھا ہوا) ہے۔ اس کو پاک (طہارت والے) لوگوں کے سوا کوئی نہیں چھوئے گا۔‘‘

اِن آیات مبارکہ میں اللہ رب العزت نے دو اہم موضوعات کی طرف اشارہ کیا ہے:

1۔ اللہ رب العزت قسم کھا رہا ہے اور اس قسم کو ان مقامات سے منسوب کر رہا ہے جہاں جہاں قرآن مجید کے مختلف حصے نازل ہوتے رہے ہیں۔

2۔ دوسرا اہم نکتہ یہ ہے کہ قرآن مجید جسے اللہ تعالیٰ نے لوحِ محفوظ میں اپنے انوار و تجلیات میں سمو کر رکھا تھا اور جسے اپنے محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام پر نازل کیا ہے، اس قرآن کی عظمت کا عالم یہ ہے کہ لَّا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ کہ پاکیزہ، طہارت والے اور آلودگی سے پاک لوگ ہی اسے چھو سکتے ہیں۔

آیئے! ان دونوں نکات کا تفصیلی جائزہ لیتے ہیں:

## 1۔ نزولِ قرآن کے مقامات کی قسم

غور طلب مقام یہ ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں قرآن مجید کے نازل ہونے والے مقامات کی قسم کھائی ہے کہ میں ان مقامات کی قسم کھاتا ہوں، جہاں جہاں قرآن اترتا ہے تو وہ ہستیاں جن سے قرآن جدا ہی نہ ہو، ان کے مقام کا عالم کیا ہوگا۔ میں سمجھتا ہوں کہ جس وقت ذکرِ اہلِ بیتؓ پر مشتمل آیات حضور نبی اکرم ﷺ پر نازل ہو رہی تھیں تو اس وقت اللہ تعالیٰ اُن مقامات کی قسم کے ساتھ ساتھ ان آیات کے نزول کا سبب بننے والے اہلِ بیتؓ کی قسم بھی کھا رہا تھا۔

چند آیات ملاحظہ فرمائیں:

1۔ اللہ رب العزت نے ارشاد فرمایا: وَ يُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّ يَتِيْمًا وَّ اَسِيْرًا۔

(الانسان، 8:76)

’’اور (اپنا) کھانا اللہ کی محبت میں (خود اس کی طلب و حاجت ہونے کے باوُجود اِیثاراً) محتاج کو اور یتیم کو اور قیدی کو کھلا دیتے ہیں۔‘‘

اس آیت کے نزول کا سبب تمام مفسرین کے نزدیک اہلِ بیتِ اطہار علیہم السلام ہیں کہ ایک دفعہ جب حسنین کریمین بیمار ہو گئے تو ان کی صحتیابی پر تین روزوں کی نذر مانی۔ جب حسنین کریمین صحت یاب

ہو گئے تو حضرت علی المرتضیٰؓ، حضرت فاطمہؓ اور سیدہ فضہؓ نے روزہ رکھا۔ پہلے دن وقتِ افطار کسی مسکین نے بھوکے ہونے کی صدا دی تو اہلِ بیت علیہم السلام کے مقدس گھرانے کے مقدس نفوس نے اپنی افطاری کا سامان اس مسکین کو دے دیا اور خود پانی سے روزہ افطار کرلیا۔ دوسرے دن وقتِ افطار کسی یتیم نے بھوکے ہونے کا اظہار کیا تو افطاری کی چیزیں اُسے عطا کردیں اور خود پانی سے افطار کرلیا۔ تیسرے دن بھی اسی طرح ہوا کہ ایک قیدی نے آواز دی کہ بھوکا ہوں، ان مقدس ہستیوں نے تیسرے دن کی بھی افطاری کا سامان اس قیدی کو دے دیا اور خود پانی سے افطار کرلیا۔ اگلے دن جب حضرت علی رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے اہلِ بیتِ اطہار علیہم السلام کے اس ایثار کی قبولیت کے اظہار پر مذکورہ آیت مبارکہ نازل فرمائی۔

اس آیت کا نزول اہلِ بیتِ اطہار علیہم السلام کے لیے ہو رہا ہے۔ جب اللہ ہر اُس مقام کی قسم کھاتا ہے جہاں قرآن نازل ہوا تو اب کیسے ممکن ہے کہ مذکورہ آیت کے مقامِ نزول کی قسم تو اللہ کھائے اور وہ اہل بیت جن کے سبب اور جن کے لیے یہ آیت نازل ہو رہی ہو، اُن کو اس قسم سے خارج کردے۔ پس جب مقام کی قسم کھائی تو اُس آیت کے نزول کا سبب بننے والے حضرت علی المرتضیٰؓ، سیدہ کائناتؓ اور حسنین کریمینؓ کی قسم بھی اس مقام کی قسم میں شامل ہوگئی۔

2۔ اسی طرح آیتِ مباہلہ پر غور کریں کہ جب اللہ نے آیت کریمہ نازل کی: فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآئَنَا وَ اَبْنَآئَكُمْ وَنِسَآئَنَا وَنِسَآئَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ۔ (آل عمران، 61:3)

”تو آپ فرما دیں کہ آجاؤ ہم (مل کر) اپنے بیٹوں کو اور تمہارے بیٹوں کو اور اپنی عورتوں کو اور تمہاری عورتوں کو اور اپنے آپ کو بھی اور تمہیں بھی (ایک جگہ پر) بلا لیتے ہیں۔“

اس آیت کے مصداق آپ ﷺ نے مباہلہ کے لیے حضرت علیؓ، حضرت فاطمہؓ اور حسنین کریمینؓ کو اپنے ساتھ لیا۔ جب اس آیت کے نزول کے مقام کی قسم اللہ تعالیٰ کھا رہا ہے تو لامحالہ ان نفوسِ قدسیہ کی قسم بھی اللہ تعالیٰ کھا رہا ہے جنہیں حضور ﷺ اپنے ساتھ لے کر مباہلہ کے لیے تشریف لے جا رہے ہیں۔

3۔ اسی طرح اللہ رب العزت نے فرمایا:

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا۔

(آل عمران، 103:3)

”اور تم سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور تفرقہ مت ڈالو۔“

حضرت امام جعفر الصادق علیہ السلام اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ ”حبل اللہ“ (اللہ کی رسی) سے مراد اہلِ بیتِ اطہارؓ ہیں۔ گویا اس آیت کا نزول بھی اہلِ بیتِ اطہار کے لیے ہے اور جب اس آیت کے مقامِ نزول کی قسم اللہ کھا رہا ہے تو یقیناً ”حبل اللہ“ کی مراد کے

حامل اہلِ بیتِ اطہار علیہم السلام کی قسم بھی اللہ کھا رہا ہے۔

4۔ ایک اور مقام پر ارشاد فرمایا: اِنَّمَا یُرِیۡدُ اللّٰہُ لِیُذۡهِبَ عَنۡکُمُ الرِّجۡسَ اَهۡلَ الۡبَیۡتِ وَیُطَهِّرَکُمۡ تَطۡهِیۡرًا۔ (الاحزاب،33:33)

''بس اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے (رسول ﷺ کے) اہلِ بیت! تم سے ہر قسم کے گناہ کا مَیل (اور شک و نقص کی گرد تک) دُور کر دے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک صاف کر دے۔''

حضور ﷺ نے اہلِ بیتِ اطہار پر جس مقام پر چادرِ تطہیر کا سایہ کیا، اگر اس مقام کی قسم اللہ کھا رہا ہے تو کیسے ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس چادرِ تطہیر کے سایہ میں موجود نفوسِ مقدسہ کی قسم نہ کھائی ہو۔

5۔ اسی طرح ایک اور مقام پر فرمایا: لَّاۤ اَسۡئَلُکُمۡ عَلَیۡهِ اَجۡرًا اِلَّا الۡمَوَدَّۃَ فِی الۡقُرۡبٰی۔

''میں اِس (تبلیغِ رسالت) پر تم سے کوئی اُجرت نہیں مانگتا مگر (میری) قرابت (اور اللہ کی قربت) سے محبت (چاہتا ہوں)۔'' (الشوریٰ،23:42)

جب اللہ کے اپنے فرمان کے مطابق اللہ خود اس آیت کے نزول کے مقام کی قسم کھا رہا ہے تو یہ ممکن ہی نہیں کہ اس آیت میں جن کی محبت و مؤدت کا ذکر موجود ہے، اُن کی قسم نہ کھائی گئی ہو۔

2۔ لَّا یَمَسُّهٗۤ اِلَّا الۡمُطَهَّرُوۡنَ کا مفہوم

اول الذکر آیاتِ کریمہ (الواقعہ:75۔79) میں سے آخری آیت میں اللہ رب العزت نے ارشاد فرمایا:

لَّا یَمَسُّهٗۤ اِلَّا الۡمُطَهَّرُوۡنَ۔

''اس کو پاک (طہارت والے) لوگوں کے سوا کوئی نہیں چُھوئے گا۔''

الۡمُطَهَّرُوۡنَ کے درج ذیل معانی مفسرین نے بیان کیے ہیں:

1۔ اس کا اطلاق ظاہری طہارت پر ہوتا ہے کہ قرآن مجید کو حالتِ طہارت کے بغیر کوئی چھو نہیں سکتا، یعنی بغیر وضو کے قرآن کو چھو نہیں سکتا۔ کثیر مفسرین نے اس معنی کو بیان کیا ہے۔

2۔ الۡمُطَهَّرُوۡنَ سے مراد ملائکہ اور انبیاء ہیں۔

3۔ امام قشیری لطائف الاشارات میں بیان کرتے ہیں کہ دوسری قرأت میں اَلۡمُطَهِّرُوۡنَ (ھ کے نیچے زیر کے ساتھ: ھِ) ہے۔ اس قرأت کی رو سے معنی یہ ہوگا کہ: اَلَّذِیۡنَ یُطَهِّرُوۡنَ نُفُوۡسَهُمۡ عَنِ الذُّنُوۡبِ وَخُلُقِ الدنی۔

وہ نفوسِ قدسیہ جو ہر قسم کی آلودگی، رذائلِ نفس، رذائل ظاہریہ و باطنیہ اور ہر طرح کے شک و نقص سے پاک ہوتے ہیں اور ہر طرح کی دنیوی شہوتوں، دنیا کی آلودگی، گندگی، نجاست اور ہر بری سوچ سے پاک ہو کر اس قابل ہو جاتے ہیں کہ قرآن ان کے ہاتھ میں آ جائے۔

معلوم ہوا کہ یہ لوگ یا تو ایسے ہوتے ہیں کہ انھیں طہارت خود مل رہی ہوتی ہے یا کوئی اور انھیں پاک کر رہا ہوتا ہے یعنی کوئی وسیلہ انہیں طہارت دلوا رہا ہوتا ہے۔

المطھرون کے اس آخری معنی و مفہوم کو سامنے رکھ کر قرآن مجید کی اس آیت مبارکہ پر غور کریں کہ جس میں فرمایا گیا:

اِنَّمَا یُرِیْدُ اللهُ لِیُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَیْتِ وَیُطَهِّرَكُمْ تَطْهِیْرًا۔ (الاحزاب، 33:33)

''بس اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے (رسول ﷺ کے) اہلِ بیت! تم سے ہر قسم کے گناہ کا مَیل (اور شک و نقص کی گرد تک) دُور کر دے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک صاف کر دے۔''

امام قشیری نے اس عقدے کو حل کر دیا اور واضح کر دیا کہ مُطَهِّرُوْن سے مراد یہ ہے کہ جن کی زندگی کا مقصد ہی طہارت ہے، جن کی سوچ طہارت سے نکلتی ہے، جن کا ارادہ طہارت سے ماخوذ ہوتا ہے، جن کا وجود بھی طاہر ہے، جن کی بنیاد بھی طہارت پر ہے، جن کا وجود طہارت پیدا کرنے والا ہے اور اگر کوئی ان سے مس ہوجائے اور ان کے در پر آجائے تو وہ بھی طاہر و مطہر ہوجاتا ہے۔ اگر ان سے نسبت رکھنے والوں کا یہ عالم ہو جائے کہ وہ طاہر و مطہر ہوجاتے ہیں تو ذرا سوچیے کہ اُن کی اپنی طہارت کا عالم کیا ہوگا۔

ان نفوسِ قدسیہ کی طہارت کو جاننا چاہیں تو اس حدیث مبارک پر غور کریں کہ حضرت صفیہ بنت شیبہ سے روایت ہے کہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ بیان فرماتی ہیں کہ ''حضور نبی اکرم ﷺ صبح کے وقت باہر تشریف لائے درآں حالیکہ آپ ﷺ نے ایک چادر اوڑھی ہوئی تھی جس پر سیاہ اون سے کجاووں کے نقش بنے ہوئے تھے۔ حسن بن علی علیہما السلام آئے تو آپ ﷺ نے انہیں اس چادر میں داخل کر لیا پھر حسین علیہ السلام آئے اور آپ کے ہمراہ چادر میں داخل ہوگئے، پھر فاطمہ سلام اللہ علیہا آئیں، آپ ﷺ نے انہیں اس چادر میں داخل کر لیا، پھر علی علیہ السلام آئے تو آپ ﷺ نے انہیں بھی چادر میں لے لیا۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت مبارکہ پڑھی: اِنَّمَا یُرِیْدُ اللهُ لِیُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَیْتِ وَیُطَهِّرَكُمْ تَطْهِیْرًا۔ ''اے اہل بیت! اللہ تو یہی چاہتا ہے کہ تم سے (ہر طرح کی) آلودگی دور کر دے اور تم کو کمال درجہ طہارت سے نواز دے۔'' (مسلم، الصحیح، 4: 1883، کتاب فضائل الصحابۃ، رقم: 2424)

اِن نفوسِ قدسیہ کو اپنی چادر میں داخل کرنے کے بعد حضور نبی اکرم ﷺ نے جو آیت تلاوت کی اس میں آپ ﷺ نے اللہ کے ارادے سے امتِ مسلمہ کو مطلع فرمایا۔ اللہ کا ایک ارادہ تو وہ ہے جو آیت مبارکہ میں نازل ہوا اور ایک ارادہ وہ ہے جو عملِ مصطفی ﷺ سے ظاہر ہو رہا ہے۔ اس لیے کہ حضور ﷺ سے صادر ہونے والے جملہ اقوال و اعمال مبنی بر وحی ہوتے ہیں۔ اللہ نے ایک طرف وحی متلو اور وحی جلی کے ذریعے انما یرید اللہ لیذہب عنکم الرجس کے الفاظ حضور ﷺ کی زبانِ مبارک سے کہلوائے اور دوسری طرف وحی غیر متلو اور وحی خفی کے ذریعے حضور نبی اکرم ﷺ کو اہلِ بیتِ اطہار کے نفوسِ مقدسہ کو چادر تطہیر میں جمع کرنے کا حکم دیا

تا کہ امت کو معلوم ہو جائے کہ یہ اہلِ بیت ہیں، جن سے اللہ نے ہر طرح کی آلودگی اور گناہوں کو دور کر دیا اور ہر طرح کی آلودگی، شک، نقص اور دنیوی آلائشوں سے پاک صاف کر دیا ہے۔

ایک دوسری روایت میں ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پروردہ عمر بن ابی سلمہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر یہ آیت (اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا) نازل ہوئی تو: فدعا فاطمة وحسنا وحسينا فجللهم بكساء وعلى خلف ظهره فجلله بكساء ثم قال: اللهم! هؤلاء اهل بيتي، فاذهب عنهم الرجس وطهرهم تطهيرا۔

(ترمذی، الجامع الصحیح، 5:351، کتاب تفسیر القرآن، رقم: 3205)

”آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سیدہ فاطمہ اور حسنین کریمین سلام اللہ علیہم کو بلایا اور انہیں ایک کملی میں ڈھانپ لیا۔ علی رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں بھی کملی میں ڈھانپ لیا، پھر فرمایا: اے اللہ! یہ میرے اہل بیت ہیں، پس ان سے ہر قسم کی آلودگی دور فرما اور انہیں خوب پاک وصاف کر دے۔“

یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چادرِ تطہیر میں حضرت فاطمہؓ کو اپنے سامنے بٹھا لیا، امام حسن علیہ السلام کو دائیں طرف بٹھا لیا، امام حسین علیہ السلام کو بائیں طرف بٹھا لیا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو پیچھے بٹھا لیا۔ ان نفوسِ مقدسہ کو اس ترتیب سے بٹھانے میں بھی ایک راز پنہاں ہے۔ اس راز سے آگاہی کے لیے قرآن مجید کی اس آیت کی طرف غور کریں، جس میں شیطان کے حملوں کا ذکر ہے کہ شیطان کہتا ہے:

ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ۔ (الاعراف، 7: 17)

”پھر میں یقیناً ان کے آگے سے اور ان کے پیچھے سے اور ان کے دائیں سے اور ان کے بائیں سے ان کے پاس آؤں گا۔“

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس عمل میں اشارہ ہے کہ اگر شیطان اوپر کی جانب سے حملہ آور ہوگا تو اوپر میری چادرِ تطہیر ہے، شیطان اگر دائیں سے آنا چاہے گا تو وہاں میرا حسن علیہ السلام موجود ہوگا، بائیں سے آنا چاہے گا تو وہاں میرا حسین علیہ السلام موجود ہوگا، سامنے سے آنا چاہے گا تو وہاں میری فاطمہ سلام اللہ علیہا موجود ہوگی، پیچھے سے آنا چاہے گا تو وہاں علی علیہ السلام موجود ہوگا۔ بتانا مقصود تھا کہ جب تک یہ سہارا امت کے پاس رہے گا، شیطان اُن سے دولتِ ایمان کو نہیں چھین سکتا۔

## قرآن مجید اور اہلِ بیتِ اطہار علیہم السلام

اہلِ بیتِ اطہار علیہم السلام امتِ مسلمہ کے لیے کس درجہ کی نعمت ہیں؟ اس کا اظہار حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی درج ذیل روایت سے ہوتا ہے۔ سیدنا زید بن ارقم روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: إني تارك فيكم ما إن تمسكتم به لن

تضلوا بعدی، احدهما اعظم من الآخر، کتاب الله حبل ممدود من السماء إلی الارض، وعترتی اھل بیتی، ولن یتفرقا حتی یردا علی الحوض، فانظروا کیف تخلفونی فیهما.(سنن ترمذی، کتاب فضائل مناقب، باب مناقب اہل بیت نبی ﷺ، رقم:3788)

’’میں تم میں ایسی چیز چھوڑنے والا ہوں کہ اگر تم اسے پکڑے رہو گے تو ہرگز گمراہ نہ ہوگے: ان میں سے ایک دوسرے سے بڑی ہے اور وہ اللہ کی کتاب ہے گویا وہ ایک رسی ہے جو آسمان سے زمین تک لٹکی ہوئی ہے اور دوسری میری عترت یعنی میرے اہلِ بیت ہیں یہ دونوں ہرگز جدا نہ ہوں گے، یہاں تک کہ یہ دونوں حوضِ کوثر پر میرے پاس آئیں گے، تو تم دیکھ لو کہ ان دونوں کے سلسلہ میں تم میری کیسی جانشینی کر رہے ہو‘‘۔

کتاب اللہ کے بعد اپنی عترت کی بات کر کے آپ ﷺ نے اصل عقیدہ واضح کر دیا کہ یہ دونوں نعمتیں ایک دوسرے سے جڑی ہوئی ہیں۔ میری عترت کا عالم یہ ہے کہ یہ خود قرآن سے جڑے ہوئے ہیں اور قرآن اِن سے جڑا ہوا ہے اور اگر تم میری اہلِ بیت سے جڑ جاؤ گے تو قرآن تمہارا ہو گیا اور تم اہلِ بیت اطہار کے ہو گئے۔

مزید فرمایا کہ قرآن اور میرے اہلِ بیت آپس میں ایسے جڑے ہوں گے کہ: ولن یتفرقا حتی یردا علی الحوض۔

یہ آپس میں جدا نہ ہوں گے یہاں تک کہ سارا دور گزار کر روزِ محشر حوضِ کوثر پر میرے پاس دونوں ساتھ ساتھ آئیں گے۔ یہ بات بڑی غور طلب ہے کہ یہ نہیں فرمایا کہ روزِ محشر اکٹھے ہوں گے۔ نہیں بلکہ فرمایا: لن یتفرقا دونوں کبھی جدا ہی نہ ہوئے ہوں گے، دنیا میں بھی ایک ساتھ ہوں گے اور آخرت میں بھی ایک ساتھ ہوں گے۔

آقا علیہ السلام نے اپنے اس فرمان کے ذریعے ایک عقیدہ واضح کر دیا ہے۔ آیئے اس عقیدہ کو سمجھتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا توحید، رسالت، ملائکہ، بعث بعد الموت، علم کائنات و مافیھا کا علم قرآن مجید میں ہے یا نہیں؟ جب سب کچھ قرآن مجید میں ہے تو پھر یہ کیوں نہیں فرمایا کہ صرف قرآن کو تھام لو، کبھی گمراہ نہ ہوگے۔ قرآن مجید کے ساتھ اپنی عترت اور اہل بیت کو شامل کرنے کی ضرورت کیوں پیش آئی جبکہ ہر چیز کا بیان اور رہنمائی قرآن میں موجود ہے؟

دراصل سمجھانا یہ مقصود تھا کہ یہ دونوں عینِ یک دیگر ہیں جو کچھ قرآن میں ہے، وہی اہلِ بیتِ اطہار علیہم السلام کے نفوسِ قدسیہ میں ہے اور جو کچھ ان نفوسِ مطہرہ میں ہے، وہی کچھ قرآن میں ہے۔ پس جو قرآن کا ہو گیا، وہ اہلِ بیت اطہار کا ہو گیا اور جو کوئی اہلِ بیت اطہار کا ہو گیا وہ قرآن کا ہو گیا۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اہلِ بیتِ اطہار علیہم السلام کی محبت عطا فرمائے اور ان کی سیرت کے مطابق اپنے اعمال و احوال کو سنوارنے کی توفیق مرحمت فرمائے۔

آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ

❑❑❑

ڈاکٹر جہانگیر حسن مصباحی



# حضرت علی رضی اللہ عنہ

## مظہر ربانی اور سیرت نبوی کا حسین امتزاج تھے

تاجدار ولایت امیر المومنین ابوتراب سیدنا علی کرم اللہ وجہہ (۵۹۹-۶۶۱ء) کمسنی میں ایمان لائے اور تمام عمر اُسوۂ نبوی کی عملی تعبیر وتفسیر کی اعلیٰ مثال کے طور پر دُنیائے انسانی کے سامنے جلوہ بار رَہے۔ خود سیدالمرسلین حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف مواقع پر آپ کی شان عظمت کی گواہی دی اور اُس پر مہر بھی ثبت کردی، تاکہ آپ کی رفعت شان کے سلسلے میں کسی کو ذرّہ برابر بھی کوئی شک باقی نہ رہے۔ چناں چہ سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کی عبقری شخصیت سے متعلق مرویات حسب ذیل ہیں، مثلاً:

۱۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا:

مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعِلِيٌّ مَوْلَاهُ، وَ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: أَنْتَ مِنِّي بِمَنْزَلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰى، إِلاَّ أَنَّهُ لاَ نَبِيَّ بَعْدِيْ، وَ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ : لَأُعْطِيَنَّ الرَّأيَةَ الْيَوْمَ رَجُلاً يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ۔ (سنن ابن ماجہ، حدیث: ۲۴)

ترجمہ: جس کا میں ولی ہوں علی اُس کا ولی ہے، (اے علی!) تم میرے لیے اُسی طرح ہو جیسے ہارون علیہ السلام، موسیٰ علیہ السلام کے لیے تھے، مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں، اور (غزوۂ خیبر کے موقع پر) یہ بھی فرماتے ہوئے سنا کہ میں آج اُس شخص کو جھنڈا عطا کروں گا جو اللہ اور اُس کے رسول سے محبت کرتا ہے۔

۲۔ حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ غزوۂ یمن میں شرکت کی۔ مجھے اُن سے کچھ شکایت ہوئی، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے اِس کا تذکرہ کیا اور اُن کی کچھ تنقیص بھی کی۔ اِس پر میں نے دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرۂ مبارک متغیر ہوگیا، پھر اُسی عالم میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: يَا بُرَيْدَةُ! أَلَسْتُ أَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ؟ قُلْتُ: بَلٰى، يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: مَنْ كُنْتُ مُوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ۔ (مسند احمد، حدیث: ۲۲۹۹۵)

ترجمہ: اے بریدہ! کیا میں مومنین کی جانوں سے قریب تر نہیں ہوں؟ تو میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! کیوں نہیں۔ اِس پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جس کا میں مولیٰ ہوں اُس کا علی مولیٰ ہے۔

۳۔ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے مروی

ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب حجۃ الوداع سے واپس ہوئے تو غدیر خم پر سائبان لگانے کا حکم دیا اور اَپنے وصال سے متعلق خبر دی ، پھر کتاب اللہ اور اپنی عترت کی اہمیت بتاتے ہوئے اُن کے ساتھ حسن سلوک کی تاکید کی اور فرمایا: إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ مَوْلَايَ وَ أَنَا مَوْلٰى كَلِّ مُؤْمِنٍ، ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِ عَلِيٍّ، فَقَالَ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَهٰذَا وَلِيُّهٗ، اَللّٰهُمَّ! وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ۔

(مستدرک، حدیث: ۴۵۷۶)

ترجمہ: بے شک اللہ میرا مولیٰ ہے اور میں ہر مومن کا مولیٰ ہوں۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیا اور فرمایا کہ جس کا میں مولیٰ ہوں، اُس کا یہ ولی ہے، یا اللہ! جو علی کو دُوست رکھے اُسے تو دوست رکھ اور جو علی سے عداوت رکھے تو بھی اُس سے بھی عداوت رکھ۔

۴۔ حضرت حبشی بن جنادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

عَلِيٌّ مِنِّي وَ أَنَا مِنْهُ وَ لَا يُؤَدِّيْ عَنِّيْ إِلَّا عَلِيٌّ۔

(سنن ابن ماجہ، حدیث: ۱۹)

ترجمہ: علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں اور میرا قرض میری طرف سے سوائے علی کے کوئی نہیں ادا کرسکتا۔

۵۔ حضرت عمرو بن شاس اسلمی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہمراہ یمن کی طرف روانہ ہوا۔ سفر کے دوران اُنھوں نے میرے ساتھ سختی کی ، یہاں تک کہ میں اپنے دل میں اُن کے خلاف کچھ محسوس کرنے لگا، پھر جب میں واپس آیا تو میں نے حضرت علی کے خلاف لوگوں سے شکایت کا اظہار کر دیا۔ کسی طرح یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچ گئی۔ اس کے بعد ایک دن میں مسجد میں داخل ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے بڑے غور سے دیکھا، پھر جب میں بیٹھ گیا تو فرمایا:

يَا عَمْرُو! وَاللهِ! لَقَدْ آذَيْتَنِي قُلْتُ : أَعُوْذُ بِاللهِ أَنْ أُؤْذِيَكَ، يَا رَسُوْلَ اللهِ! قَالَ بَلٰي، مَنْ آذَي عَلِيًّا فَقَدْ آذَانِي۔ (مسند احمد، حدیث: ۱۰۸)

ترجمہ: اے عمرو! واللہ! تو نے مجھے اذیت دی ہے۔ میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! آپ کو اَذیت دینے سے میں اللہ کی حفاظت چاہتا ہوں۔ اِس پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ سنو، جو علی کو اَذیت دیتا ہے وہ مجھے اذیت دیتا ہے۔

۶۔ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کی طرف دیکھ کر فرمایا:

يَا عَلِيُّ أَنْتَ سَيِّدٌ فِي الدُّنْيَا سَيِّدٌ فِي الْآخِرَةِ حَبِيْبُكَ حَبِيْبِيْ وَ حَبِيْبِيْ حَبِيْبُ اللهِ وَ عَدُوُّكَ عَدُوِّيْ وَ عَدُوِّيْ عَدُوُّ اللهِ وَ الْوَيْلُ لِمَنْ أَبْغَضَكَ بَعْدِيْ۔

(مستدرک، حدیث: ۱۱۲)

ترجمہ: اے علی! تو دنیا و آخرت میں سردار ہے۔ تیرا محبوب میرا محبوب ہے اور میرا محبوب اللہ کا محبوب ہے اور تیرا دشمن میرا دشمن ہے اور میرا دشمن اللہ کا دشمن ہے

اور اُس کے لیے بربادی ہے جو میرے بعد تمہارے ساتھ بغض رکھے۔

۷۔ حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وَالَّذِيْ فَلَقَ الْحَبَّةَ وَ بَرَأَ النَّسمَةَ إِنَّهُ لَعَهْدُ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ صَلَّي اللهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِلَيَّ أَنْ لَا يُحِبَّنِيْ إِلاَّ مُؤْمِنٌ وَ لَايُبْغِضَنِيْ إِلَّا مُنَافِقٌ۔ (صحیح مسلم، حدیث: ۷۸)

ترجمہ: قسم ہے اُس پاک ذات کی جس نے دانے کو پھاڑا اور اُس سے اناج اور نباتات اُگائے اور جس نے جانداروں کو پیدا کیا، حضور نبی اُمّی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مجھ سے عہد ہے کہ مجھ (علی) سے صرف مومن ہی محبت کرے گا اور صرف منافق ہی مجھ (علی) سے بغض رکھے گا۔

۸۔ اُم المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: أُدْعُوا اِلَيَّ سَيِّدَ الْعَرَبِ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! أَلَسْتَ سَيِّدَ الْعَرَبِ؟ قَالَ: أَنَا سَيِّدُ وُلْدِ آدَمَ وَعَلِيٌّ سَيِّدُ الْعَرَبِ۔

(مستدرک، حدیث: ۴۶۲۶)

ترجمہ: سردارِ عرب کو میرے پاس بلاؤ۔ میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! کیا آپ عرب کے سردار نہیں؟ اِس پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں تمام ابن آدم کا سردار ہوں اور علی عرب کے سردار ہیں۔

۹۔ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب وہ شب آئی جس کی صبح کو اللہ تعالیٰ نے فتح عطا فرمائی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ أَوْ لَيَأْخُذَنَّ الرَّايَةَ غَداً رَجُلاً يُحِبُّهُ اللهُ وَ رَسُوْلُهُ، أَوْ قَالَ: يُحِبُّ اللهَ وَ رَسُوْلَهُ، يَفْتَحُ اللهُ عَلَيهِ، فَإِذَا نَحْنُ بِعَلِيٍّ، وَمَا نَرْجُوْهُ، فَقَالُوْا: هٰذَا عَلِيٌّ، فَأَعْطَاهُ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّي اللهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ، فَفَتَحَ اللهُ عَلَيهِ۔ (صحیح بخاری، حدیث: ۳۴۹۹)

ترجمہ: کل میں جھنڈا ایسے شخص کو دُوں گا یا کل جھنڈا وہ شخص پکڑے گا جس سے اللہ اور اُس کا رسول محبت کرتے ہیں یا یہ فرمایا کہ جو اللہ تعالیٰ و رسول سے محبت کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھوں خیبر کی فتح سے نوازے گا۔ پھر اچانک ہم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا، حالاں کہ ہمیں اُن کے آنے کی توقع نہ تھی۔ لہٰذا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جھنڈا اُنھیں ہی عطا فرمایا اور اللہ تعالیٰ نے اُن کے ہاتھوں فتح نصیب فرمائی۔

۱۰۔ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعدد صحابۂ کرام کے گھروں کے دروازے مسجد نبوی کے صحن میں کھلتے تھے، تو حضرت علی کا دروازہ چھوڑ کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے باقی تمام دروازوں کو بند کرنے کا حکم دے دیا۔ راوی کہتے ہیں کہ اِس بارے میں چہ میگوئیاں ہونے لگیں تو رَسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوئے اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کے بعد فرمایا:

فَإِنِّي أَمَرْتُ بِسَدِّ هٰذِهِ الْأَبْوَابِ اِلَّا بَابَ عَلِيٍّ، وَ قَالَ فِيهِ قَائِلُكُمْ وَ إِنِّي وَاللهِ مَا سَدَدْتُ شَيْئًا وَلَا فَتَحْتُهُ وَلٰكِنِّي أُمِرْتُ بِشَيئٍ فَاتَّبَعْتُهُ۔ (مسند احمد، حدیث: ۹۵۰۲)

ترجمہ: میں نے علی کے دروازے کو چھوڑ کر باقی

سب دروازوں کو بند کرنے کا حکم دیا ہے۔تم میں سے کچھ لوگوں نے اِس سے متعلق باتیں کی ہیں، (تو سنو!) قسم خدا کی میں نے اپنی طرف سے کسی چیز کو بند کیا ہے نہ کھولا ہے، میں نے تو بس اُس امر کی پیروی کی جس کا مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ملا ہے۔

علاوہ ازیں ایک روایت میں ہے: أَنَا مَدِيْنَةُ الْعِلْمِ، وَعَلِيٌّ بَابُهَا، فَمَنْ أَرَادَ الْعِلْمَ فَلْيَأْتِهِ مِنْ بَابِهِ۔ (کنز العمال، ۱۳/ ۱۴۸)

میں علم کا شہر ہوں اور اُس کا دروازہ، لہٰذا جو شخص علم تک پہنچنے کا ارادہ رکھے وہ دروازے سے ہوکر آئے۔مستدرک میں ہے: علی کا چہرہ دیکھنا عبادت ہے۔(۳/ ۱۱) کنز العمال میں ہے: علی کا ذکر عبادت ہے۔(۱۱/ ۶۰۱) اِسی میں ایک یہ ہے: میرے بعد جو چیزیں باعث اختلاف ہوں گی، اُن میں علی کی عدالت سب سے بہترین ہے، اور یہ کہ علی تمہارے درمیان بہترین حاکم ہے۔(کنز العمال، ۱۳/ ۱۲۰)

سنن ترمذی میں منقول ہے: علی، حق کے ساتھ ہے اور حق، علی کے ساتھ ہے۔ (۱۶۶/ ۳۱) جب کہ مستدرک میں ہے: میرا پروردگار مجھے رات کو آسمان پر لے گیا اور علی کے بارے میں مجھے تین چیزوں کی وحی کی: علی پرہیز گاروں کا پیشوا ،مومنین کے ولی اور نورانی چہروں کے رہبر ہے۔(۳/ ۱۳۸)

مذکورہ بالا فرمودات عالیہ کے باوجود اب اگر کوئی لاکھ سرور کائنات نور مجسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرلے اور سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے تعلق نہ رکھے، تو بلاشبہ وہ اپنے دعویٔ حب نبوی میں جھوٹا ہے۔اسی طرح اگر کوئی علامۃ الدہر ہوجائے لیکن سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کی علمی جاہ و عظمت کو تسلیم نہ کرے اور اُس کی معرفت نہ رکھے، تو گویا وہ بھی ابوجہل سے کم نہیں ہے، لہٰذا تمام علما وفضلا اور فقہا کو اِس پہلو پر بھی سنجیدگی سے غور کرنا چاہیے۔مزید اِسی پر نہیں بلکہ امیر المومنین سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سیرت واخلاق کے اعلیٰ مقام پر فائز تھے اور آپ کی ذات والا صفات سے ہر لمحہ اُس کا اظہار بھی ہوتا رہتا تھا، مثلاً:

**۱۔مسلمان کا احترام:** سیدنا مولا علی کرم اللہ وجہہ نے جب زمام خلافت سنبھالی وہ انتہائی خلفشاری اور بے چینی کا عہد تھا، مگر آپ نے بڑی پامردی اور دوراندیشی سے کام لیا اور کسی بھی طرح کی افراتفری کو پنپنے نہیں دیا۔دوسری طرف مسلمانوں کے درمیان باہمی احترام کے جذبے کو بہرحال فروغ دیا تاکہ مسلمانوں کے درمیان خون ریزی نہ ہو، اور جان ومال کی تباہی وبربادی نہ ہونے پائے۔چناں چہ قوم کے نام اپنے اولین خطاب میں آپ نے فرمایا: اللہ کا کلام ہادی ہے اور خیر وشر کے درمیان واضح فرق کی نشاندہی کرتا ہے، لہٰذا خیر کو اختیار کرو اور شر سے بچو۔اللہ تعالیٰ نے بہت سی چیزوں کو محترم بنایا ہے، ان میں سب سے بلند وبرتر اور محترم ذات ایک مسلمان کی ہے۔مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے تمام مسلمان محفوظ رہیں۔کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ کسی مسلمان کو تکلیف

پہنچائے۔عوام وخواص دونوں کے حقوق ادا کرنے میں جلدی کرو۔اللہ کے بندوں اور اُن کے حقوق کی ادائیگی کے سلسلے میں اللہ رب العزت سے خوف کھاتے رہو۔تم سے چوپائے اور زمین کے بارے میں بھی پوچھا جائے گا،اس لیے اللہ کی اطاعت کرو اور اُس کی نافرمانی سے بچو، اگر خیر کا عمل دیکھو تو اُس کو اختیار کرو اور اگر بُرا عمل دیکھو تو اُس کو ترک کر دو۔

**۲۔دنیا سے بے رغبتی:** سیدنا مولا علی کرم اللہ وجہہ کی حیات کا یہ پہلو بھی اِنتہائی قابل رشک ہے کہ آپ دنیا سے بے رغبتی اور خشیت الٰہی اور خوف ربانی کا مجموعہ تھے۔ بقول زید بن وہب: آپ اس قدر سادگی پسند تھے کہ آپ کی سادگی پر ہر کسی کو تعجب ہوتا تھا۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک بار آپ اپنے گھر سے نکلے تو جسم پر ایک ایسا تہہ بند تھا جو اِنتہائی بوسیدہ تھا اور آپ کا کمر بند کپڑے کا ایک چیتھڑا تھا،اس سلسلے میں آپ سے کہا گیا کہ آپ اس لباس میں کس طرح رہتے ہیں،اس پر آپ نے فرمایا کہ میں یہ لباس اس لیے پسند کرتا ہوں کہ یہ نمائش اور نام ونمود سے بہت دور ہے، نماز میں آرام دہ ہے اور مومن کی سنت ہے۔

لیکن ہمارا کیا حال ہے یہ ہم سب پر بخوبی عیاں ہے؟ سیدنا مولا علی کرم اللہ وجہہ نے اللہ کی رضا وخوشنودی کے لیے دنیا کے تمام عیش وآرام چھوڑ دیے اور آج ہم ہیں کہ اپنی خواہشات کی تکمیل کے لیے اللہ کی رضا و خوشنودی کو کسی خاطر میں نہیں لاتے ، پھر بھی اِس اُمید میں رہتے ہیں کہ اللہ کی رحمت ہمیں کو ملے۔وائے ناکامی کہ احساس زیاں جاتا رہا۔

**۳۔معاشرتی حقوق اور دائرۂ کار:** سیدالرسل سرورکائنات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بچوں کے ساتھ انتہائی نرمی وشفقت کا معاملہ رکھتے تھے کہ اُن سے مزاح بھی کرتے اور اُن کی دل جوئی بھی فرماتے تھے۔ یہی حال اور طرزِ عمل سیدنا مولا علی کرم اللہ وجہہ کا بھی تھا۔ نیز آپ ایسے اشخاص کو محبوب بھی رکھتے تھے جو بچوں کے ساتھ ہمدردی ودلبستگی اور دلجوئی کا معاملہ رکھتے۔ بچوں کے سامنے بالخصوص حسن گفتگو اور حسن عمل پر زور دیتے تا کہ اس کا بہتر سے بہتر اَثر بچوں کی ذات پر پڑے۔ اپنے ایک خطاب میں فرماتے ہیں:

باپ کا بیٹے پر اور بیٹے کا باپ پر حق ہے۔باپ کا حق یہ ہے کہ بیٹا ہر حال میں اس کی اطاعت و تابعداری کرے،البتہ! باپ اگر کسی معصیت وگناہ کے کرنے کا حکم دے تو اُس میں اس کی تابعداری نہ کی جائے، اور باپ پر بیٹے کا یہ حق ہے کہ اس کا اچھا نام رکھے،اچھی تربیت کرے اور قرآن کی تعلیم دلائے۔

معلوم ہوا کہ ایک کامیاب معاشرے کے لیے بڑے اور چھوٹے کا ادب واحترام اور شفقت وہمدردی انتہائی ضروری ہے۔یعنی ایک باپ کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے بچوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرے اور شفقت وہمدردی سے پیش آئے۔ان کو اچھی سے اچھی تعلیم دے اور اُن کی عمدہ سے عمدہ تربیت کرے، بیہودہ باتوں

سے بچائے۔ دوسری طرف بچوں پر بھی لازم ہے کہ وہ بڑوں کا ادب واحترام کریں، اور یہ تمام اخلاقی خوبیاں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے اندر بخوبی موجود تھیں۔ لیکن آج جو صورت حال ہے وہ انتہائی افسوسناک ہے اور اس کی اصل یہ وجہ ہے کہ آج ہم نے بچوں کی تعلیم وتربیت پر توجہ دینا کم کردیا ہے اور اگر دیتے بھی ہیں تو محض مغربی طرز تعلیم کو کافی سمجھ لیتے ہیں اور ہدایت والی کتاب قرآن مقدس کو یکسر نظرانداز کردیتے ہیں۔

**۴۔ عدالت کا سامنا:** جنگ جمل میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی زرہ کھوگئی جو ایک یہودی شخص کے ہاتھ لگی۔ معاملہ جناب قاضی شریح کی عدالت میں پہنچا۔ آپ ایک مدعی کی حیثیت سے جج کے سامنے پیش ہوئے اور اپنا مقدمہ رکھا۔ جج نے آپ سے گواہ کا مطالبہ کیا۔ آپ نے اپنے بیٹے حسن اور اپنے غلام قنبر کو بطور گواہ پیش کیا لیکن موجودہ جج قاضی شریح نے یہ کہتے ہوئے آپ کے دونوں گواہوں کو رد کردیا کہ بیٹے کی گواہی باپ کے حق میں اور غلام کی گواہی مالک کے حق میں قبول نہیں، اور فیصلہ یہودی شخص کے حق میں دے دیا۔

سیدنا مولا علی کرم اللہ وجہہ کی جانب سے اسلامی تعلیمات واخلاقیات کے باب میں ایک شاہکار تاریخی عمل کا اضافہ ہے کہ آپ خلیفہ راشد ہوتے ہوئے خود جج کے پاس تشریف لے گئے اور اُن کے فیصلے پر بے چوں چرا عمل کیا۔ یہ موجودہ عہد میں بالخصوص تمام مسلمانوں کے لیے تازیانہ عبرت ہے۔

**بیت المال کی اَمانت کا خیال:** حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اپنے عہدِ خلافت میں جس فاضلانہ اخلاق وکردار کا مظاہرہ کیا وہ آبِ زر سے لکھے جانے قابل ہے اور بہرحال ایک مردمومن کے لیے سامانِ نجات ہے۔ تاریخ کے اوراق بتاتے ہیں کہ جب تک آپ تخت خلافت پر متمکن رہے بیت المال کا ایک دانہ بھی اپنے ذاتی مصرف پر خرچ نہیں کیا، بلکہ ملنے والے ذاتی تحفے تحائف کو بھی رعایا کی امانت سمجھا اور اُسے بیت المال میں جمع کروادیا۔ اپنے ایک خطاب میں فرماتے ہیں: اے لوگو، اللہ کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں! میں نے تمہارے مال سے نہ تھوڑا لیا اور نہ زیادہ سوائے اِس چیز کے، اور جیب سے ایک چھوٹی سی شیشی نکالی جس میں ایک قسم کی خوشبو تھی۔ پھر آپ نے فرمایا کہ یہ خوشبو کی شیشی مجھے ایک دیہاتی نے بطور تحفہ پیش کی ہے۔ اس کے بعد آپ بیت المال گئے اور خزانچی سے فرمایا کہ یہ لو، اور تحفے میں ملنے والی خوشبو کی شیشی بھی بیت المال میں جمع کروادی۔

بیت المال کے امانت کی اِس قدر حفاظت کہ اِس طرح کی نظیر شاید ہی کہیں مل سکے۔ لیکن آج مسلمانوں کا معاملہ ہی کچھ اور ہے۔ جہاں کہیں اعلیٰ مناصب ملے نہیں کہ اللہ کا خوف دل سے یکسر نکل جاتا ہے اور پھر ایسے ایسے اخلاقی جرائم کے مرتکب ہوتے ہیں کہ اللہ کی پناہ!۔ ایسے افراد کے لیے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا یہ مثالی عمل بطور خاص نمونہ ہے۔

۵۔**قاتل کے ساتھ مثالی سلوک:** سیدنا مولا علی کرم اللہ وجہہ اخلاق وکردار کے عرش پر متمکن تھے کہ جان جارہی تھی لیکن ایسے عالم میں بھی اپنی پیاس پر اپنے قاتل کی پیاس کو ترجیح دی۔ یعنی اِبن ملجم جس نے آپ پر مسموم تلوار سے ایسی کاری ضرب لگائی کہ اُسی کے سبب آپ کی موت واقع ہوگئی۔ لیکن جب ملجم گرفتار ہوا، اور پیش کیا گیا تو اُس کی شکل دیکھتے ہی آپ نے یہ حکم دیا کہ پہلے اِس کی پیاس بجھائی جائے۔

پہلے اِس کی پیاس بجھائی جائے‘‘ایسا معنی خیز جملہ کس کی زبان سے نکل سکتا ہے؟ یہ وہی مثالی فرد کہہ سکتا ہے جو صفات الٰہی کا مظہر ہوگا اور جس کے اندر سیرت نبوی کی جلوہ گری ہوگی۔ بلکہ واضح لفظوں میں کہا جائے تو اِس قدر عالی ظرفی کا مظاہرہ وہی کرسکتا ہے جو آسمانِ اخلاق وکردار پر مثل آفتاب وماہتاب چمکتا ہوگا۔ مزید اپنے قاتل ابن ملجم کے تعلق سے آپ نے اپنے بیٹوں سے یہ وصیت بھی فرمائی کہ اے فرزندو! مسلمانوں کا خون نہ بہانا، تم کہو گے کہ امیر المومنین قتل کردیے گئے، مگر خبردار! سوائے میرے قاتل کے کسی دوسرے کو سزا نہ دینا، دیکھو اگر میں اس وار سے فوت ہوجاتا ہوں تو اُس پر بھی ایک ہی وار کرنا، اس کا چہرہ نہ بگاڑنا، کیوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ خبردار! کسی جاندار کو مُثلہ نہ کیا جائے خواہ وہ کاٹنے والا کتا ہی کیوں نہ ہو۔ بلکہ آپ نے اس بات پر زور دیا کہ اس کے ساتھ حسن سلوک کا معاملہ کیا جائے، اگر زندہ رہا تو سوچوں گا، معاف کروں یا قصاص لوں اور اگر مرجاؤں تو ایک جان کا بدلہ ایک ہی جان لیا جائے۔

القصہ! حضرت علی کرم اللہ وجہہ فاضلانہ اخلاق و کردار کے اعلیٰ ترین مقام پر فائز تھے، اگر واقعی ہمیں اُن سے سچی عقیدت اور محبت ہے تو ہمارے اوپر لازم ہے کہ آپ جس مشن کے بہی خواہ رہے اور جس مشن کی تکمیل میں آپ نے جان تک قربان کردی، ہم بھی آپ کے مشن کو زندہ رکھیں، اس کو فروغ دیں اور اِس کے ساتھ آپ کے فاضلانہ اخلاق کے نور سے اپنے اعمال وکردار کو بھی منور بنائے رکھیں۔

❑❑❑



مولانا اختر تابش ازہری



# حضرت علی

## عدل و مساوات کے رول ماڈل

دین اسلام ایک ایسا پاکیزہ صاف وشفاف دین ہےجس کے اندرکسی طرح کی کوئی کجی نہیں ہے۔اس نے انسانی زندگی کے تمام پہلوؤں کے اصول بیان کردیے ہیں،جنہیں ہرانسان سمجھ سکتاہےاوراپنی زندگی میں اتار سکتاہے۔ظلم وجبر کے ماحول سےنکال کرامن وشانتی اور عدل وانصاف کے میدان میں لانے والا اگرکوئی دین ہےتو وہ اسلام ہے۔جب ہم قرآن وسنت کا مطالعہ کرتے ہیں توہمیں شریعت اسلامیہ جس بات کی طرف توجہ دلاتی ہے وہ عدل وانصاف کا راستہ ہے۔عدل انسان کی زندگی کا ایک لازمی حصہ ہے اگر انسان کی زندگی سےعدل کونکال دیا جائےتواس کی زندگی جہنم بن جائے۔اس کا تجربہ ہرکوئی اپنی زندگی میں بخوبی کرسکتا ہے۔اللہ نے ہرچیزکوایک متعین مقداراوردائرے میں بنایاہےاگراس چیزکواس کے حدود سےنکال دیا جائےتو اس کے اندرخرابی آجائے،ایسے ہی ہماری معاشرتی زندگی ہویاسیاسی،ملی ہویادینی اگراسےعدل ومساوات کونکال دیا جائےتوبگاڑ پیدا ہوجاتا ہےاور پھر بہت سی خرابیاں درآتی ہیں۔زندگی کے ہرموڑ پر اسلام عدل وانصاف کی دعوت دیتاہےاوراسےعملی جامہ پہنانے پر متوجہ بھی کرتاہے۔

اسلام کےاس عدل وانصاف کےحوالے سےخلیفہ چہارم داماد پیمبر مولائے کائنات شیرخدا حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ الکریم کی ذات بابرکات کوایک نمونہ کے طورپیش کیا جاسکتاہے۔راقم نے ذیل میں آپ رضی اللہ عنہ کےعدل ومساوات کےحوالے سےچند جھلکیاں پیش کرنے کی کوشش کی ہےجوہمارے لیےایک نمونہ ہیں۔

امیرالمومنین حضرت علی رضی اللہ عنہ عدل ومساوات کےایک درخشاں پہلو ہیں۔آپ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ عدل کے پرتو ہیں جس سے کائنات روشنی حاصل کرتی ہے۔آپ کے عدل ومساوات کے واقعات اسلامی عدل ومساوات کے لیے ایک رول ماڈل کی حیثیت رکھتے ہیں۔

قاضی شریح راوی ہیں کہ جب حضرت علی کرم اللہ وجہہ حضرت امیر معاویہ سے مقابلے کے لیے نکلے تو اپنی ایک زرہ گم پائی۔ جنگ ختم ہوگئی، آپ کوفہ لوٹ آئے تو اچانک وہ زرہ ایک یہودی کے ہاتھ میں دیکھی جو اسے بازار میں بیچ رہا تھا۔ آپ نے فرمایا: اے یہودی! یہ زرہ میری ہے۔ میں نے اسے نہ بیچا ہے اور نہ ہبہ کی ہے۔ یہودی نے کہا: یہ میری ہے اور میرے ہی ہاتھ میں ہے۔ حضرت علی نے فرمایا: ہم قاضی کے پاس چلتے ہیں چنانچہ وہ دونوں قاضی شریح کی عدالت میں پہنچے۔ حضرت علی قاضی کے پہلو میں بیٹھ گئے اور یہودی سامنے بیٹھ گیا۔

قاضی شریح نے کہا: اے امیر المومنین کیا معاملہ ہے؟ آپ نے کہا: یہ زرہ جو اس یہودی کے ہاتھ میں ہے میری ہے۔ نہ میں نے بیچی ہے نہ کسی کو ہبہ کی ہے۔ قاضی شریح نے کہا: امیر المومنین اپنے دعوے کی کوئی واضح دلیل دیجیے؟ انہوں نے کہا: میرا غلام قنبر اور حسن و حسین گواہی دے رہے ہیں کہ یہ زرہ میری ہے۔ قاضی شریح نے کہا: باپ کے حق میں بیٹے کی گواہی قبول نہیں۔ تو آپ نے فرمایا: کیا نوجوانان جنت کے سرداروں کی شہادت بھی قبول نہیں؟ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ نے فرمایا: حسن اور حسین جنتی جوانوں کے سردار ہیں۔ (ترمذی، رقم: ۳۷۶۸)

یوں قاضی شریح نے یہودی کے حق میں فیصلہ سنا دیا۔ یہودی اسلام کے اس نظام عدل کو دیکھ کر بہت ہی زیادہ متاثر ہوا اور اس نے بے ساختہ کہا: امیر المومنین نے مجھے قاضی کے حضور پیش کیا اور قاضی نے ان کے خلاف فیصلہ دے دیا۔ میں گواہی دیتا ہوں کے آپ سچے ہیں پھر وہ کہہ اٹھا: اشهد ان لا اله الا الله وان محمدا رسول الله ۔ میں گواہی دیتا ہوں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ یہ زرہ آپ ہی کی ہے۔ آپ اپنی اونٹنی پر سوار تھے۔ صفین کی طرف جا رہے تھے، اور رات کا وقت تھا جب آپ کی زرہ گر گئی تو میں نے لپک کر اٹھا لی۔ حضرت علی نے فرمایا: اب جب تم نے اقرار کر لیا ہے تو اب یہ تمہاری ہے۔ حضرت علی نے اسے سواری کے لیے گھوڑا عطا کیا۔ پھر میں نے اسے اس حالت میں دیکھا کہ وہ جنگ نہروان میں حضرت علی کے ساتھ تھا اور خارجیوں کے خلاف جنگ میں شریک ہوا۔

(الکامل فی التاریخ، ج ۳، ص ۲۶۵)

## مزید عدل کی مثال دیکھیں:

عَنْ نَاجِيَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا قِيَامًا عَلَى بَابِ الْقَصْرِ، إِذْ خَرَجَ عَلِيٌّ عَلَيْنَا، فَلَمَّا رَأَيْنَاهُ تَنَحَّيْنَا عَنْ وَجْهِهِ هَيْبَةً لَهُ، فَلَمَّا جَازَ صِرْنَا خَلْفَهُ، فَبَيْنَا هُوَ كَذَلِكَ إِذْ نَادَى رَجُلٌ يَا غَوْثًا بِاللَّهِ! فَإِذَا رَجُلَانِ يَقْتَتِلَانِ، فَلَكَزَ صَدْرَ هَذَا وَصَدْرَ هَذَا، ثُمَّ قَالَ لَهُمَا: تَنَحَّيَا، فَقَالَ أَحَدُهُمَا: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، إِنَّ

هَذَا اشْتَرَى مِنِّي شَاةً، وَقَدْ شَرَطْتُ عَلَيْهِ أَلَّا يُعْطِيَنِي مَغْمُوزًا وَلَا مُحْذَفًا، فَأَعْطَانِي دِرْهَمًا مَغْمُوزًا، فَرَدَدْتُهُ عَلَيْهِ فَلَطَمَنِي، فَقَالَ لِلْآخَرِ: مَا تَقُولُ؟ قَالَ: صَدَقَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، قَالَ: فَأَعْطِهِ شَرْطَهُ، ثُمَّ قَالَ لِلَّاطِمِ اجْلِسْ، وَقَالَ لِلْمَلْطُومِ: اقْتَصَّ قَالَ: أَوْ أَعْفُو يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ؟ قَالَ: ذَاكَ إِلَيْكَ، قَالَ: فَلَمَّا جَازَ الرَّجُلُ قَالَ عَلِيٌّ: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ، خُذُوهُ، قَالَ: فَأَخَذُوهُ، فَحُمِلَ عَلَى ظَهْرِ رَجُلٍ كَمَا يُحْمَلُ صِبْيَانُ الْكُتَّابِ، ثُمَّ ضَرَبَهُ خَمْسَ عَشْرَةَ دِرَّةٍ، ثُمَّ قَالَ: هَذَا نَكَالٌ لِمَا انْتُهِكْتُ مِنْ حُرْمَتِهِ۔

ناجیہ قرشی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا: ہم محل کے دروازے پر کھڑے تھے اسی دوران حضرت علی ہمارے سامنے سے گزرے ہم نے انہیں دیکھا تو ان کی ہیبت اور رعب کی وجہ سے ہم ایک جانب ہٹ گئے، جب وہ آگے بڑھ گئے تو ہم ان کے پیچھے چلنے لگے، اسی دوران کوئی آدمی چلایا، اللہ کے واسطے کوئی میری مدد کرو، وہاں دیکھا تو دو آدمی آپس میں لڑ رہے تھے۔ امیر المومنین نے ان دونوں کے سینوں پر ہاتھ مارا اور فرمایا: ایک طرف ہو کر کھڑے ہو جاؤ ان میں سے ایک نے کہا: امیر المومنین اس شخص نے مجھ سے بکری خریدی میں نے شرط رکھی کہ وہ مجھے کھوٹے پیسے نہیں دے گا اس نے ایک درہم کھوٹہ دیا ہے۔ میں نے اسے اس کا کھوٹا درہم واپس کیا تو اسنے مجھے تھپڑ مارا۔ آپ نے دوسرے سے پوچھا تم کیا کہتے ہو؟ اس نے کہا: امیر المومنین یہ صحیح کہتا ہے تو آپ نے فرمایا: اس کی شرط پوری کرو۔ پھر تھپڑ مارنے والے سے کہا: بیٹھ جاؤ، پھر جسے تھپڑ مارا گیا تھا اسے کہا: اس سے بدلہ لو اس نے کہا: امیر المومنین کیا میں اسے معاف نہ کر دوں؟ حضرت علی نے کہا: یہ تمہاری مرضی ہے۔ جب وہ چلا گیا تو حضرت علی نے فرمایا: اے گروہ مسلمین اس ملزم کو پکڑ لاؤ، وہ لوگ اسے پکڑے اور چھوٹے مکتب کے بچوں کی طرح پیٹھ پر اٹھا لائے، تو اسے پندرہ درے مارے پھر فرمایا: یہ اس شخص کی سزا ہے جس نے وعدے اور شرط کی حرمت کو توڑا۔ (تاریخ طبری، ج۵ ص۱۱۵، مکتبہ شاملہ)

اس حدیث میں اس بات کو ملاحظہ کیا جا سکتا ہے کہ حضرت علی کی ذات کس قدر متواضع شخصیت تھی اور آپ کی زندگی میں عدل و مساوات کا اہتمام کتنا زیادہ تھا۔ یہ روایت حضرت علی کے عدل کے حوالے سے اعلی کردار کو بتاتی ہے کہ آپ نے صاحب حق کے دستبردار ہونے کے باجود اس شخص کو درے لگوائے جو سماج سے ظلم و بربریت کی فضا کو ختم کر کے امن و سلامتی کا ماحول قائم کرنے پر دلالت کرتی ہے۔ حضرت علی بذات خود امور مملکت کے منصب پر ہونے کے باوجود رعایہ کے مشکلات کو حل فرماتے اور آپ کا ہدف و مطمح نظر اس بات پر ہوتی کہ سماج میں کسی طرح کی ظلم و جبر نہ ہو سکے جس کا واضح ثبوت اوپر کی حدیث سے آشکارا ہو چکا ہے۔

عدل و مساوات کی ایک مثال اور دیکھیں:

آپ لوگوں کے مابین عطیات کو برابر تقسیم کرتے

تھے ان میں کسی عربی کو عجمی پر ترجیح نہیں دیتے تھے۔ ایک مرتبہ دو عورتوں کو کھانا اور کچھ درہم برابر مرحمت فرمائے ان میں سے ایک خاتون عربی اور دوسری عجمی تھی۔ ان میں سے پہلی خاتون نے احتجاج کیا اور کہا: میں عربی ہوں اور یہ عجمی ہے تو حضرت علی نے جواب دیا: اللہ کی قسم میں اس مال فئی میں بنو اسماعیل کو بنو اسحاق پر ترجیح نہیں دے سکتا۔

جب آپ سے مطالبہ کیا گیا کہ عرب کے اشرافیہ طبقہ اور قریش کو دیگر موالی اور عجمیوں پر ترجیح دی جائے تو آپ نے فرمایا: اللہ کی قسم اگر یہ میرا اپنا مال ہوتا تب بھی میں ان کے مابین برابری کا معاملہ کرتا اب تو مال ان کا اپنا ہے۔ (تراث الخلفاء الراشدین، ص ۱۰۱)

یحی ابن سلمہ سے روایت ہے فرماتے ہیں حضرت علی نے عمرو بن سلمہ کو اصفہان کا گورنر بنایا، وہ جب واپس آئے تو اپنے ساتھ مال اور مشکیزے لائے جن میں شہد اور گھی بھرا ہوا تھا۔ ام کلثوم بنت علی نے عمرو بن سلمہ کو پیغام بھیج کر ان سے گھی اور شہد طلب کیا۔ اس نے انہیں ایک برتن میں شہد اور دوسرے برتن میں گھی بھجوا دیا۔ دوسرے دن حضرت علی تشریف لائے۔ آپ نے مال، گھی اور شہد پیش کرنے کا حکم دیا تا کہ اسے تقسیم کیا جائے۔ آپ نے مشکیزے شمار کیے تو دو کم تھے۔ پوچھا یہ مشکیزے کہاں ہیں؟ عمرو نے چھپانے کی کوشش کی اور کہا ہم وہ دونوں مشکیزے بھی پیش کرتے ہیں۔ حضرت علی نے تاکیداً پوچھا تو عمرو نے بتا دیا، حضرت علی نے دونوں مشکیزے واپس منگوائے۔ آپ نے نے جب دونوں مشکیزے دیکھے تو وہ کم تھے، آپ نے تاجروں کو بلوایا اور کم ہونے والی مقدار کا تخمینہ لگوایا، ان کی قیمت تین درہم طے ہوئی، لہٰذا یہ رقم حضرت ام کلثوم سے وصول کی اور پھر باقی تمام گھی اور شہد تقسیم کر دیا۔

(الکامل فی التاریخ، ج ۳، ص ۲۶۴)

آپ کے عدل میں سے ایک واقعہ یہ بھی ہے جسے عاصم بن کلیب نے اپنے والد سے روایت کیا ہے انہوں نے کہا: حضرت علی کے پاس اصفہان سے مال آیا تو آپ نے اس کے سات برابر حصے کیے، اس مال میں ایک روٹی بھی تھی، اس کے بھی سات ٹکڑے کیے اور ہر حصے پر ایک ٹکڑا رکھ دیا، پھر آپ نے یہ مال لینے والے افراد کے درمیان قرعہ اندازی کی کہ سب سے پہلا حصہ کسے دیا جائے۔ (الکامل فی التاریخ ج ۳، ص ۲۶۴)

خلاصہ یہ کہ حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ الکریم عدل و مساوات کے ایک روشن چراغ ہیں، جو لوگوں کے لیے نمونہ رکھتے ہیں، ہمیں آپ کے ان واقعات کو پڑھ کر اپنی روزمرہ کی زندگی میں عملی جامہ پہنانے کی تگ و دو کرنی چاہیے تا کہ معاشرے میں امن و شانتی کی فضا قائم ہو سکے اور ظلم و جبر کا قلع قمع ہو سکے۔ اللہ پاک ہم سبھی کو حضرت علی کے اس کردار کو عملی تصویر بنانے کی توفیق بخشے آمین۔

❑❑❑

# ادبی سیکشن

عارف باللہ داعی اسلام
شیخ ابو سعید شاہ احسان اللہ محمدی صفوی

# سرچشمۂ فیضان محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علی علی

محبوب دوستانِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علی علی
مطلوب عاشقان محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علی علی

کون و مکاں ز نور رخت گشت منور
اے شمع شبستان محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علی علی

اے باب و در علم نبوت ابو تراب
سرچشمۂ فیضان محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علی علی

فرمود مصطفی بہ مقام غدیر خم
مولائے غلامان محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علی علی

آں ساقئ کوثر کہ بہ فیضان نبوت
مخمور دو چشمان محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علی علی

خیبر شکن و صفدر و غازی و دلاور
سالار کاروان محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علی علی

حب علی نشانئ حب نبی سعیدؔ
زیرا کہ نور جان محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علی علی

دیوان سعید

# منقبت

## درشان مولیٰ علی

رازِ نشاطِ زندگی مولا علی سے پوچھ
اور سِرِّ عیشِ مرگ بھی مولا علی سے پوچھ

اُس کے سوا نہیں ہے کوئی بابِ شہرِ علم
فرقِ گمان و آگہی مولا علی سے پوچھ

وہ کیا بتائیں گے جنہیں اپنی خبر نہیں
تفسیرِ لفظِ عاشقی مولا علی سے پوچھ

جس کے حضور سجدہ ملائک نے کل کیا
کیا تھی وہ شانِ آدمی مولا علی سے پوچھ

کس بندگی کو مرتبہ ہست و بود میں
ملتی ہے شانِ سروری مولا علی سے پوچھ



بزمِ امید تیرہ و تاریک ہو تو پھر
آئے کہاں سے روشنی مولا علی سے پوچھ
عشرتؔ امامت اور رسالت کے درمیاں
کتنا ہے فاصلہ کبھی مولا علی سے پوچھ

ڈاکٹر سید اکرام حسین عشرتؔ

امریکہ -۱۲ر ستمبر ۱۹۹۹ء





# اولیاکونسل کی سرگرمیاں

بفضلہٖ تعالیٰ ہمیشہ کی طرح اولیاءکونسل سنٹر’’خانقاہ چشتیہ فریدیہ حسینیہ سجادیہ‘‘مہوپیک نیو یارک اور دیگر مقامات کے علاوہ آن لائن بھی محافل ذکر و محفل سماع کا سلسلہ جاری رہا۔

ہمارے لیے خوشی کی بات یہ ہے کہ اولیاءکونسل کے طرف سے مخدومنا صاحبزادہ حضرت مولانا علی سعید صفوی کا ہارڈ فورٹ انٹرنیشنل یونیورسٹی میں اولیاءکونسل گنج شکر اسکالر کے طور پر دسمبر ۲۰۲۳ء میں داخلہ ہوا اور قبلہ موصوف طلب علم میں مصروف ہو گئے۔

علاوہ ازیں ۱۷ رجنوری ۲۰۲۴ءکو آن لائن جشن غریب نواز منایا گیا جس میں مہمان اسکالر کے طور پر صوفی محقق عالم ربانی حضرت مولانا ضیاء الرحمن علیمی صاحب نے حصہ لیا اور تعلیمات غریب کی عصری معنویت پر بہت ہی شاندار خطاب فرمایا۔ پھر ۲۵ رجنوری کو جشن مولود کعبہ منایا گیا۔











فروری ۱۷ر کو اولیاء کونسل سنٹر میں مولانا علی سعید صفوی کے زیر صدارت محفل سماع کا انعقاد ہوا جس میں حمزا اکرم برادران نے نعت و منقبت کے اشعار صوفیانہ روایت کے مطابق پیش کیا۔ پھر اسی مہینے دو آن لائن نئے پروگرام کا آغاز ہوا اولیاء کونسل سیرت النبی سیریز جس میں مہمان اسکالر کے طور پر ڈاکٹر مفتی مجیب الرحمٰن علیمی صاحب نے حصہ لیا اور پہلے حصے میں انہوں نے سیرتِ نبوی کے سماجی و دعوتی پہلو پر خطاب فرمایا۔







دوسرا پروگرام اولیاء کونسل تصوف سیریز جس میں مہمان اسکالر کے طور پر عصر حاضر کے محقق علامہ ڈاکٹر ذیشان احمد مصباحی نے داعی اسلام شیخ ابوسعید صاحب کی کتاب ''نغمات الاسرار فی مقامات الابرار'' کا بہت ہی شاندار طریقے سے تعارف پیش فرمایا پھر کتاب کے مضامین پر خطاب فرمایا۔



۳۰/اپریل ۲۰۲۴ء کو نیویارک میں پاکستان میں صوفی نیٹورک اور درگاہوں کا کردار پر لندن سے تشریف لائیں ڈاکٹر عائشہ صدیقہ نے بہت ہی اہم پوائنٹ پر گفتگو فرمائیں۔



اور ان دنوں عرس عارفی اور سالانہ محفل شکرانہ کی تیاری زور وشور پر ہے اللہ کریم کی مدد شامل حال رہی تو ہم اسی طریقے سے خدمت دین کے ساتھ خدمت انسانیت کا فریضہ انجام دیتے رہیں گے اور واضح ہو کہ ان تمام کاموں کے انجام دہی میں اولیاء کونسل آف نارتھ امریکہ کے بانی ڈاکٹر مہدی کاظمی صاحب کا اہم کردار ہے اللہ کریم ڈاکٹر کاظمی کی حفاظت فرمائے اور اسی طرح خدمت دین کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

اخیر میں ہم عرفان و احسان چینل کے بارے میں قارئین کو بتا دیں کہ زمانے کے تقاضوں کو مدنظر عرفان و احسان میڈیا کے چینل کا آغاز کیا گیا جو کہ بہت ہی کامیابی کے ساتھ اپنے مقاصد کے طرف لگا ہوا ہے قارئین سے گزارش ہے کہ آپ ہمارے فیس بک پیج اور یوٹیوب چینل کو ضرور سبسکرائب کیجیے تا کہ ہماری بات آپ تک سب سے پہلے پہنچے شکریہ۔







Auliya Council  in New York is a Sufi organization with the mission of carrying forward the work of Auliya Karam(Sufi Saints) of the Indian Subcontinent. Auliya Council Center consisting of Khanqahe Chishtiya Faridiya/Hussaniya Sajjadiya has a Sama Khana, Library, Conference Center,gathering spaces, offices and a Masjid and Langar  Khana are in progress. The building is well-equipped for large gatherings where all our activities are conducted. With the over-arching aspirations of the Sufi saints in mind, ACNA hopes to nurture diversity, carry forward the mission and follows the path shown by Khwaja Moinuddin Chishti. Several functions take place annually- Eid Miladunnabi, Urs celebrations, Friday and Eid prayers, regular Sama mehfils amongst others.

ACNA's official journal, Sufitimes is published quarterly in English and Urdu. Our YouTube channel, Irfan o Ehsan has regular tafseer series, videos on topics in Sufism and  videos on various related topics.

Please support the work of Auliya Council of North by donating generously. You can contribute via VENMO @auliya-council or send an email to auliyacouncil@gmail.com for further information on how to contribute to our good works.

اولیا کونسل نارتھ امریکہ شمالی امریکہ کا ایک رجسٹرڈ روحانی وسماجی ادارہ ہے جس کا ہدف صوفیائے کرام کے افکار وتعلیمات کو عام کرنا اور خلق خدا کو جادۂ مستقیم کی رہنمائی کرنا تصوف وخانقاہیت کی حقیقی تصویر پیش کرنا ہے۔انہیں اہداف و اغراض کے لیے اس ادارہ کے تحت مختلف سرگرمیاں اور پروگرامز چل رہے ہیں۔فی الوقت خانقاہ فریدیہ سجادیہ کے قیام کے ساتھ ساتھ ایک سہ ماہی رسالہ، صوفی ٹائمز، اردو اور انگریزی دونوں زبان میں شائع کیا جاتا ہے نیز عرفان واحسان چینل کا بھی آغاز ہو چکا ہے جس پر تفسیر قرآن سیریز، مکالمہ سیریز، پیام سیرت سیریز اور عرفان وتصوف سیریز جیسے وقیع ومفید پروگرامز نشر کیے جاتے ہیں۔خانقاہ میں مختلف علمی وروحانی مجالس کا وقتا فوقتا اہتمام بھی کیا جاتا ہے اور نامور اسکالر کو مدعو کر کے محاضرہ وخطاب بھی کرایا جاتا ہے۔آپ اس ادارہ کی کارکردگی کو ضرور دیکھتے رہیں اور اپنا ممکنہ تعاون بھی پیش کرتے رہیں۔اس میں مالی تعاون پیش کرنے کے لیے venmo@auliyacouncil کا استعمال کریں۔

مزید معلومات کے لیے درج ذیل ای میل پر رابطہ کریں۔auliyacouncil@gmail.com